یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان
حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیئرمین پاکستان اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز
ایسوسی ایشن پروپرائٹر البرق اوورسیز ایمپلائمنٹ

عبدالصمد خان اورکزئی

متحدہ عرب امارات کے قومی دن کے موقع
پر خصوصی اشاعت

امارات سے نکالے گئے پاکستانیوں کے مسئلہ پر اہم شخصیات کے
انٹرویوز

کیپٹن یوسف مینجنگ ڈائریکٹر
زمان انٹرنیشنل لاہور

راجہ سلیم پروپرائٹر راجہ سلیم
ریکروٹنگ ایجنسی

اے - اے صغیر پروپرائٹر
شمیم ایکسپریس

سید فردوس شاہ مینجنگ ڈائریکٹر
الفردوس انٹرپرائززز



محمد اعظم خان آفریدی
پروپرائٹر - آفریدی انٹرپرائزز

چوہدری محمد بشیر پروپرائٹر
چوہدری مین پاور بیورو

محمد ادریس خان
پروپرائٹر بجال اوورسیز ڈویلپمنٹ کارپوریشن





اسحاق قریشی پروپرائٹر
نیو عربین ٹریولز اینڈ ٹورز

محمد شعیب حامد مینجنگ ڈائریکٹر
شعیب ایسوسی ایٹس

محمد اکرم قریشی چیئرمین
قریشی برادرز، کراچی

شیخ مسعود پروپرائٹر
الشیخ کارپوریشن راولپنڈی

Greetings and best Wishes to

HH Shaikh Zayed bin Sultan Al Nahyan

President of the U.A.E

HH Shaikh Maktoum bin Rashid Al Maktoum

Vice President and Prime Minister of the U.A.E.

and the people of U.A.E.

On the Occasion of

21st National Day

AL - SHEIKH CORPORATION

Prop.
Sheikh Masood

OVERSEAS EMPLOYMENT AGENCY
OEPL No. 0715 (RWP)
OFF: 13-PINE HOTEL,
251, IFTIKHAR JANJUA ROAD,
P.O. BOX: 1657

RAWALPINDI CANTT. PAKISTAN
OFF TELE: 564468 - 563660
TLX: 54456 SHEIKH PK.
RES : 0596/3977

WARM FELICITATIONS
To His Highness

SHEIKH ZAYED BIN SULTAN AL NAHYAN

THE PRESIDENT, & RULER OF ABU DHABI

His Highness

SHEIKH MAKTOUM BIN RASHID AL MAKHTOUM

THE VICE PRESIDENT AND PRIME MINISTER, &
THE PEOPLE OF THE UNITED ARAB EMIRATES
ON THE OCCASION OF

THE 21 ST NATIONAL DAY

ZAMAN INTERNATIONAL

OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS

LICENCE No. 0266/LHR/92

OFFICE: 10-BEADON ROAD
(ABOVE HABIB BANK LTD)
LAHORE - PAKISTAN
TEL No : 239779, 312079
TELEX : 44258 SIR PK
FAX : 92-42-232079

Capt. (Rtd.) Muhammad Yousaf Chief Executive

Our Warmest Greetings & Best Wishes to the Government and the people of the U.A.E. on the Occasion of the **21st National Day.**

Al-Wasib Recruiting Agency



Licence No. 0825/PWR/90 Pak
Office: Al-Khalleg Hotel, Ramdas Road, Dabgari Garden, Peshawar:
Phone: 217625, Telex: 52369 Pk.

From: Malik Wasib Khan
Director

WARM FELICITATIONS
To His Highness

SHEIKH ZAYED BIN SULTAN AL NAHYAN
THE PRESIDENT, & RULER OF ABU DHABI
His Highness
SHEIKH MAKTOUM BIN RASHID AL MAKHTOUM
THE VICE PRESIDENT AND PRIME MINISTER, &
THE PEOPLE OF THE UNITED ARAB EMIRATES
ON THE OCCASION OF
THE 21 ST NATIONAL DAY

AL - SIDDIQUE TRADING



Managing Director **MOHAMMAD SIDDIQUE**

P. O. Box :
46102, Abu Dhabi
- U. A. E.,
Telephone : 323646
Telefax : 311790

حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

یوتھ

لاہور پاکستان

نئی نسل کا انگلش، اردو زبان میں بیک وقت شائع ہونے والا بین الاقوامی نیوز میگزین

گورنمنٹ آف پاکستان وزارت اطلاعات ونشریات کی سنٹرل میڈیا میں شامل
ممبر آف آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC)

جلد نمبر ۴-۵ شمارہ ۱۲-۱ ماہ دسمبر ۹۲

اس شمارے میں

اداریہ صفحہ	۴
ماہ کی شخصیت عبدالصمد خان اورکزئی	۷
شہادت بابری مسجد	۱۰
یاد رفتگان حاجی اصغر گھرکی	۱۳
تعلیم اور تعلیمی پالیسی	
انٹرویو سینئر پروموٹرز شخصیات	
کیپٹن یوسف زمان انٹرنیشنل لاہور	۱۹
محمد اعظم آفریدی - آفریدی انٹرپرائزز پشاور	۲۱
محمد ادریس خان مجال اوسیز ڈویلپمنٹ کارپوریشن راولپنڈی	۲۲
محمد اسحاق قریشی مینجنگ ڈائریکٹر ٹرانس	۲۳
عربین ٹریول اینڈ ٹور اسلام آباد	
چوہدری بشیر پروپرائٹر چوہدری مین پاور بیورو لاہور	۲۴
شیخ مسعود پروپرائٹر الشیخ کارپوریشن راولپنڈی	۲۶
راجہ سلیم پروپرائٹر راجہ سلیم ایکروٹنگ ایجنسی راولپنڈی	۲۷
محمد اکرم قریشی قریشی برادرز کراچی	۲۸
اصغر علی صغیر پروپرائٹر شمیم ایکسپریس راولپنڈی	۲۹
محمد شعیب حامد بیگ مینجنگ ڈائریکٹر شعیب ایسوسی ایٹس کراچی	۳۱
سید فردوس شاہ الفردوس انٹرپرائزز راولپنڈی	۳۲
خصوصی سپلیمنٹ متحدہ عرب امرات کے بارے میں	۳۳



ایڈیٹر انچیف : محمد صدیق القادری

سب ایڈیٹرز : توصیف القادری۔
مس روبینہ

انچارج تزئین و آرائش : محمد خلیل شاھد

رنگینی ——— : شاھد پرویز

ڈیزائنز ——— : مقصود آرٹسٹ

کمرشل اینڈ ایکسپورٹ مینجر : تنویر صدیق

سرکولیشن مینجر : توحید اختر

قیمت

فون : 354729

متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، بحرین، قطر، اومان
کویت، مصر، اردن، جاپان، کوریا، بنگلہ دیش، برونائی،
چین۔ ہانگ کانگ۔ انڈونیشیا۔ ملائیشیا، تھائی لینڈ
فرانس، نیپال، فلپائن، سنگاپور۔ سری لنکا۔ تائیوان
امریکہ، برطانیہ، جرمنی، انڈیا، آسٹریلیا۔ ہالینڈ
کینیڈا۔ مالدیپ۔

خط و کتابت کا پتہ
"یوتھ انٹرنیشنل میگزین"
اوقاف بلڈنگ ۶ فلور نزد پرانا اسٹیٹ بنک پوسٹ بکس ۲۳۴۶ لاہور پاکستان

پبلشرز محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹرز رائل پارک سے چھپوا کر اوقاف بلڈنگ ۶ فلور نزد پرانا اسٹیٹ بنک لاہور سے شائع کیا۔

WARM FELICITATIONS

To His Highness

SHEIKH ZAYED BIN SULTAN AL NAHYAN

THE PRESIDENT, & RULER OF ABU DHABI

His Highness

SHEIKH MAKTOUM BIN RASHID AL MAKHTOUM

THE VICE PRESIDENT AND PRIME MINISTER, &
THE PEOPLE OF THE UNITED ARAB EMIRATES

ON THE OCCASION OF
THE 21 ST NATIONAL DAY

MOHAMMAD A .SALEEM
MANAGING DIRECTOR

Emirates Plaza Hotel

KHALFAN KHAMIS BUILDING OPP. EMSONS SUPER MARKET
TOURIST CLUB AREA ABU DHABI
Tel ; 722000 Tlx : 23459 PLAZA EM FAX : 723204 Cable : Khayam
P.O. Box 5295 ABU DHABI U.A.E.

اداریہ

متحدہ عرب امارات کے ہر دلعزیز صدر ابوظبہی کے عظیم حکمران اور عرب دنیاکی اہم شخصیت عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان کی زیر قیادت یو اے ای نے گذشتہ اکیس سالوں میں تاریخ ساز سیاسی و اقتصادی استحکام حاصل کیا ہے ان کی دانشمندانہ اور مدبرانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے کہ پاک امارات دوستی قابل فخر اور قابل اعتماد ہے انے والے دنوں میں دونوں ممالک کو انشاء اللہ تعالی مزید فروغ حاصل ہو گا۔

پاکستان اور یو اے ای کا تعلق صدیوں پرانا ہے۔ ہمیشہ دونوں ملک قریبی تعاون کیلئے آمادہ رہے ہیں اس وقت لاکھوں پاکستانی امارات کی مختلف ریاستوں میں ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سر گرم عمل ہیں۔ اس شمارے میں یو اے ای کی اکیسویں سالگرہ پر یوتھ انٹرنیشنل نے خصوصی سپلیمنٹ شائع کیا ہے تاکہ عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان کی ولولہ انگیز قیادت کو یو اے ای کی شاندار اور تاریخ ساز ترقی پر خراج تحسین پیش کیا جائے۔

محمد صدیق القادری

ایڈیٹر انچیف

Our Warmest Greetings
& Best Wishes
to the Government
and the people
of the U.A.E.
on the Occasion of the
21st National Day.

MOHAMMED SHOAIB HAMID
proprietor

From :

SHOAIB ASSOCIATES

OVERSEAS EMPLOYMENTS PROMOTORS LIC. NO. MPD/0983/KAR
OFFICE : 103-B, SINDHI MUSLIM SOCIETY, SHAHRAH-E-FAISAL
KARACHI PAKISTAN.

PH : 448664 - 446561 - 444526, FAX : 9221 - 441665

Our Warmest Greetings
& Best Wishes
to the Government
and the people
of the U.A.E.
on the Occasion of the
21st National Day.

A. A. SAGHEER
Proprietor

SHAMEEM EXPRESS

OFFICE : P. O. BOX. 569 7-A, PINDI CLUB BUILDING, THE MALL,
RAWALPINDI, (PAKISTAN)
OFF : 564168 - 564480, CABLE : SHAMEX, FAX : 551094

معروف بین الاقوامی کاروباری شخصیت

حاجی عبدالصمد خان اورکزئی

چیئرمین پاکستان اوورسیز ایمپلائمنٹ
پروموٹرز ایسوسی ایشن راولپنڈی، اسلام آباد

یوتھ انٹرنیشنل نے نئے سال کے آغاز کے ساتھ نوجوان نسل کو ممتاز کاروباری انٹرنیشنل شخصیات سے متعارف کروانے کا مطالعاتی سلسلہ شروع کیا ہے ہماری کوشش ہے کہ نوجوان طبقہ کا تعارف ایسے اہم کاروباری لوگوں کے ساتھ کروایا جائے جو کہ ان کی زندگی میں اہم مقاصد حاصل کرنے اور نوکری کے اچھے مواقع فراہم کرنے میں مدد کریں۔

یوتھ انٹرنیشنل نے ماہ جنوری کیلئے حاجی عبدالصمد اورکزئی چیئرمین پاکستان اورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ایسوسی ایشن کو ممتاز انٹرنیشنل کاروباری شخصیت چنا ہے۔

حاجی عبدالصمد خاں اورکزئی صاحب ایمپلائمنٹ پروموٹر برادری کے ممتاز قائد ہیں۔ آپ ایک باہمت، پرعزم، بے لوث خدمتگار انسان اور جرات مند محب وطن پاکستانی ہیں انتہائی معاملہ فہم اور تجربہ کار شخصیت ہونے کی بدولت پیچیدہ کاروباری مسائل کو خوش اسلوبی کے ساتھ حل کرنے کی بے پناہ قائدانہ صلاحیتیں رکھتے ہیں۔

آپ ہنگو ڈسٹرکٹ کوہاٹ کے ابیعہ خیل اور کزئی قبیلے کی ممتاز شخصیت ہیں۔

مین پاور ایکسپورٹ میں آپکی خدمات بیشمار ہیں

آپ نے بی۔ایس۔سی اونرز تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد بی۔ایڈ کیا اور پھر عملی زندگی کا آغاز ایک تعلیمی ادارے میں بحیثیت پروفیسر شروع کیا۔ درس و تدریس کا سلسلہ ۷۲ء تک جاری رہا اور پھر Manpower کی بیرون ملک فراہمی کے بزنس میں آئے اور پشاور میں اورکزئی ٹریول کا دفتر قائم کیا۔ 1976ء میں اپنا علیحدہ لائسنس حاصل کر کے البرق اورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کے نام سے مین پاور ایکسپورٹ کا بزنس شروع کیا۔ اب تک عبدالصمد خان صاحب بے روزگار لوگوں کو نوکری کے سلسلہ میں متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور قطر میں ہزاروں کی تعداد میں بھیج چکے ہیں جبکہ سب سے زیادہ متحدہ عرب امارات میں بھیجے گئے۔

عبدالصمد اورکزئی ممتاز کاروباری شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ ایک ممتاز سماجی شخصیت بھی ہیں اور قومی فلاحی کاموں میں ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں۔ بطبیعت کے اعتبار سے ہنس مکھ خوش اخلاق نرم خو، پرخلوص انسان ہیں اور دوسرے کے



حاجی عبدالصمد خان اپنے آفس میں انٹرویو دیتے ہوئے

کام آ کر خوشی محسوس کرتے ہیں۔ آپکی بے پناہ صلاحیتوں کی وجہ سے پروموٹرز برادری آپکی شخصیت پر بھرپور اعتماد کرتی ہے۔ پروموٹرز کے لئے جو خدمات آپ نے انجام دیں انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

آپ 92 - 1991ء کیلئے بھاری اکثریت کے ساتھ چیئرمین منتخب ہوئے۔ سری لنکا میں ہونے والے سارک مین پاور کنونشن میں پاکستان کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک کا دورہ کیا۔ ہنگامہ آرائی اور توڑ پھوڑ کی سیاست سے پروموٹرز برادری کو نکال کر تحمل اور بردباری کی سیاست کیطرف لائے اور بہت سے مسائل حل کئے۔ آپکی خدمات کو سفارتی حلقوں میں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

بیرون ممالک مین پاور کی فراہمی کے بارے میں آپ نے بتایا کہ ہماری اسلامی برادر ممالک سعودی عرب' متحدہ عرب امارات اور قطر نے پاکستان میں بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے اہم رول ادا کیا ہے اور ان ممالک میں نوکری کیلئے جانے والے لوگوں سے اچھا برتاؤ کیا جاتا ہے۔

مزید یہ بھی حقیقت ہے کہ ان ممالک کی تعمیرو ترقی میں پاکستانی مین پاور کا بہت اہم رول ہے جسکا ہمارے برادر ممالک کی حکومتیں بھی اقرار کرتی ہیں۔

پاکستانی مین پاور کو یو۔ اے۔ ای سے نکالنے کے بارے میں انہوں نے وضاحت کی کہ یہ سراسر پروپیگنڈا ہے کہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں پاکستانی کام کرنے والوں کو نکالا جا رہا ہے اور سچ یہ ہے کہ صرف ان پاکستانیوں کو متحدہ عرب امارات سے نکالا گیا جو وہاں غیر قانونی طور پر مقیم تھے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پائے گئے۔ ہمارے امیگریشن ایکٹ کے مطابق بھی اگر کوئی غیر ملکی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پایا جائے تو اسے ملک بدر کیا جا سکتا ہے اور اس میں کوئی انوکھی بات نہیں۔ یو۔ اے۔ ای سے نکالے جانے والوں میں اکثر کے پاس اومان کے ویزے تھے بعض کے پاس صرف وزٹ ویزے تھے اور وہ وہاں کام کی غرض سے مقیم ہو گئے تھے۔ اس لحاظ سے میرے خیال کے مطابق یہ کارروائی درست تھی۔ مزید یہ کہ پاکستانیوں کو جذبات میں آ کر وہاں کے قانون کو ہاتھ میں نہیں لینا چاہیے جیسا کہ بابری مسجد کی شہادت کے موقع پر متحدہ عرب امارات میں ہوا اور اس طرح وہاں امن امان کا مسئلہ پیدا کیا گیا۔

پاکستانیوں کو بیرون ممالک میں ہنگامہ آرائی زیب نہیں دیتی!

عبدالصمد خاں صاحب نے مزید بتایا کہ ہمارا یو۔ اے۔ ای سے گہرا کاروباری رابطہ ہے اور ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ پاکستانیوں کو وہاں کوئی تکلیف نہیں۔ بلکہ جتنی آزادی پاکستانیوں کو میسر ہے دوسرے کسی عرب ملک میں نہیں۔ تارکین وطن

پاکستانیوں کو امارات میں غیر قانونی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لینا چاہیے

حاجی عبدالصمد خان سری لنکا میں سارک پروموٹرز کے کنونشن میں دیگر پروموٹرز کے ساتھ



حاجی عبدالصمد خان اپنے آفس میں انٹرویو دیتے ہوئے

کو دیگر ریاستوں میں آنے جانے کی بھی مکمل آزادی ہے اور پولیس ناجائز تنگ نہیں کرتی اور اہم بات تو یہ ہے کہ یو۔ اے۔ ای میں سب سے زیادہ ڈیمانڈ پاکستان کی مین پاور کی ہے۔

یو۔ اے۔ ای نے ہر آڑے وقت میں پاکستان کی مدد کی ہے اور برادرانہ دوستانہ تعلقات کو مضبوط کیا ہے عرب امارات کے صدر شیخ زید پاکستان کے عظیم محسن اور دوست ہیں۔ موجودہ حالات میں حکومت پاکستان کو فوراً ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے جو متحدہ عرب امارات کے خلاف بلاجواز پروپیگنڈہ کر کے دوست برادر ممالک سے تعلقات کو نقصان پہنچانے کیلئے کوشاں ہیں۔

شہادت بابری مسجد

تحریر: شائلہ مبشر

۶ دسمبر ۱۹۹۲ کا دن برصغیر کی تاریخ کا ایک تاریک دن۔ اسلامی دنیا پر سانحہ گزر گیا۔ چار سو سال پرانی تاریخ چار گھنٹے میں ملیامیٹ کر دی گئی۔ بابری مسجد شہید ہوگئی۔ بابری مسجد کی شہادت ایک شرمناک واقعہ ہے جس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے۔

بابری مسجد کی شہادت سے انتہا پسند ہندوؤں نے ایک بار پھر اسلام اور مسلمانوں سے اپنے تعصب کا بھرپور اظہار کر دیا۔ بھارت کے سیکولرازم کا پول دنیا کی نظروں کے سامنے کھل گیا۔ ساری دنیا میں اس کی مذمت کی گئی اور اس پر شدید ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا۔

بابری مسجد کی شہادت کے بعد پاکستان کے مسلمانوں میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی اور اس غصے اور غم کا اظہار ٹائر جلا کر، مندر توڑ کر، اقلیتوں کی املاک کو نقصان پہنچا کر، توڑ پھوڑ کر کے، مارپیٹ اور خون خرابہ کر کے کیا گیا۔

ان حالات میں کسی بھی باشعور ذہن میں یہ سوالات پیدا ہو سکتے ہیں کہ کیا اسی طریقے سے مہذب قومیں اپنے جذبات کا اظہار کرتی ہیں؟ کیا ہمارا مذہب ہمیں یہی سکھاتا ہے؟ یا ہم اقلیتوں کے حقوق کے لیے خدا کو جواب دہ نہیں؟ کیا یہاں مندر توڑ کر بھارت میں مقیم مسلمانوں کے لیے ہم نے حالات کو مزید سنگین نہیں کر دیا جو کہ پہلے ہی مصیبتوں میں گرفتار ہیں؟ کیا یہ سب کچھ کر کے ہم نے بھارت پر اپنی اخلاقی برتری ختم نہیں کر دی؟ کیا اپنے نیک جذبات کے اظہار کا یہ طریقہ درست ہے؟ کیا ہمیں احساس ہے کہ ہم نے ملک کا کتنا نقصان کیا؟ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ تمام قیمتی جانیں جو ان حالات میں ضائع ہوئیں کیا وہ واپس آ سکتیں ہیں؟ ہم اسلام کا نام لے کر مرنے کیلئے تو فوراً تیار ہو جاتے ہیں لیکن اسلام پہ عمل کر کے جی نہیں سکتے؟ کیا ہمارا مذہب ہمیں انسانیت نہیں سکھاتا؟

ہندوؤں نے ایک مسجد توڑ کے اپنے ذاتی گھٹیا عمل کا اظہار کیا اور ہم اس عمل کی مذمت کرنے میں ان سے کتنے آگے نکل گئے۔ ہمیں ہی تو اپنے اخلاق اور عمل سے اپنے مذہب کو دنیا کے سامنے پیش کرنا ہے۔ اسلام بذات خود ایک ضابطہ اخلاق ہے اور جب ہم یہ جانتے اور مانتے ہیں کہ رسولؐ پاک قرآن کی عملی تصویر تھے تو ان کی مثال ہمیں سامنے رکھنی چاہیے۔ ان کے زمانے میں اقلیتوں کے جانوں اور مالوں کا تحفظ کیا گیا اور اسے مسلمانوں پر فرض قرار دیا گیا۔ دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں لیکن ہمارے ہاں لوگوں کا مذہب ہی ان کا مقصد ٹھہرا۔ جس بات سے ہمارے جذبات کو ٹھیس پہنچی اسی عمل سے ہم نے دوسروں کے جذبات مجروح کیے۔

اب یہ وقت آ چکا ہے کہ ہم اپنی خاطر، اپنے ملک کی خاطر، اپنی ترقی وبقاء کی خاطر، اسلام کی خاطر سنجیدہ ہو جائیں اور سوچیں کہ ہم اس طریقے سے اسلام کی کوئی خدمت نہیں کر رہے ہیں بلکہ اس طرح کے ردعمل سے الجھنوں اور پیچیدگیوں میں مزید اضافہ ہوتا ہے اپنے جذبات کا اظہار پرامن اور مہذب طریقے سے بھی کیا جا سکتا ہے۔ اور ایک بات ہمیں سمجھ لینی چاہیے کہ اسلام ایک بابری مسجد کے شہید ہونے سے ختم نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اگر اسلامی دشمن طاقتیں دنیا کی ساری مسجدیں بھی گرا دیں تب بھی اسلام ختم نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اسلام امن کا مذہب ہے اور اسی چیز کی دنیا کو اصل میں ضرورت ہے اسلام ہی میں سب کی بقاء اور نجات ہے۔ نہ کہ دنگا فساد میں۔

تاریخی بابری مسجد کی بے حرمتی کا المناک منظر

فکرِ نو

یہ کالم نوجوان نسل کی آواز قارئین تک پہنچانے کیلئے مخصوص ہے اس کالم میں خیالات کسی بھی موضوع پر چاہے وہ تعلیمی، سماجی، معاشرتی، ثقافتی، مذہبی یا سیاسی ہوں بغیر تبدیلی کے شائع کیے جاتے ہیں اسکو اپنے مثبت خیالات سے روشن بنائیں

یوتھ انٹرنیشنل

سانحہ شہادت بابری مسجد

حمیرا اقبال

آج کل جو مسئلہ زیر بحث ہے اور زبان خاص و عام پر موجود ہے وہ ہندوستان میں ایک قدیم تاریخی مسجد کو شہید کرنے کے بارے میں ہے۔ نیز پاکستانی عوام نے اس کی شدید مخالفت اور احتجاج کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ گوہ کہ ہماری قوم جذبات اور جوش کی لہر میں بہہ جانے والی قوم ہے اور گزشتہ دنوں جو حالت منظر عام پر آئی ہے اس سے کون واقف نہیں۔ پورے ملک میں گلی گلی کوچے کوچے میں چھوٹے بڑے سب لوگوں نے اس پرزور احتجاج میں حصہ لیا۔ جگہ جگہ ٹائر جلائے گئے۔ سڑکوں اور گلیوں میں پتھراؤ کیا گیا۔ ٹریفک جام کر دی گئی۔ طلبہ تنظیموں کو ملک کی ترقی کی پیداوار بڑھانے کے لیے ایک اور موقع میسر آیا۔ سکول، کالج، دفتر، دکانیں غرض تمام ملکی نظام ایک دن کے لیے احتجاج کے طور پر بند کر دیا گیا اس سے پورے ملک میں ہزاروں کروڑوں کا جو نقصان ہوا وہ الگ۔

نیز رہائشی گھر، دکانیں، دفاتر گاڑیاں جلا کر اور تباہ کر کے ہم لوگوں نے ایک پرجوش مسلم قومیت ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ پاکستانی مسلمانوں کا یہ احتجاج برحق ہے لیکن اس کا طریقہ کار اور انداز بالکل غلط۔

ہماری قوم ایک پسماندہ اور ترقی پذیر قوم ہے۔ دوسرے ہمارے ملک میں خواندگی کی شرح بھی تسلی بخش معیار نہیں رکھتی۔ گو! خواندہ لوگوں پر بھی ناخواندگی کا سا گمان ہوتا ہے۔ اوسط درجے کا تعلیمی معیار ہونے کے سبب بہت سے باشعور اور ہنر مند ذہن تباہ ہو رہے ہیں۔ ہمارے ملک کے بیشتر لوگوں کو مبہم دلائل دے کر کسی بھی طرف راغب کرنا مقصود ہو تو اس میں کوئی مشکل درپیش نہ ہو گی۔ بس ایک نعرہ ہی کافی ہے اور اس طرح کاروباری اور غیر کاروباری طبقات کو طلبہ اور طالبات کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ کیونکہ پھر جذبات کا ایک قافلہ رواں دواں ہو جاتا اور اس سمندر میں جو بھی آئے بہہ جائے گا۔ مختصر یہ کہ ہماری اپنی ہی قوم اپنے پیروں پر کلہاڑا مارتے وقت نہیں سوچتی کہ چوٹ ہمیں خود لگے گی۔ نقصان ہمارا اپنا ہو گا۔ روز آئے دن بے مقصد جلسے جلوس احتجاج ہمارے ملک کی کمزور ساکھ کو مضبوط بنانے کے لیے کوشاں ہیں۔ بے شک لوگوں میں بے کار نوجوان طبقہ زیادہ نمایاں ہیں لیکن کچھ ایسے لوگ بھی شامل ہوتے ہیں جو شعور رکھتے ہوئے بھی باشعور نہیں۔ ذرا سوچئے کہ کیا ہم ٹائر جلا کر ہوا میں مضر اور زہریلے مواد تحلیل کر کے، پاکستان میں موجود مندر توڑ کر گھروں کو جلا کر اپنے ہی پاکستانی بہن بھائیوں کو بے سروسامان کر کے ملک کا بیش بہا نقصان کر کے بابری مسجد کو شہید ہونے سے بچا سکتے ہیں؟ جس ہوا میں ہمیں خود سانس لینا ہے اسی کو آلودہ کر کے ہم کسی مثبت سوچ کا ثبوت دے سکتے ہیں؟ کیا یہ بات قابل غور نہیں، کیا یہ پرامن احتجاج ہے؟ کہ یہ سب کچھ کر کے ہم لوگ بھارت میں ہونے والے مندر کی تعمیر کو روک سکتے ہیں؟ کیا یہ متعلقہ حکومتوں کو اپنے جذبات اور شدید اختلافات پہنچانے کا صحیح ذریعہ ہے؟ کیا ہم اپنے ہی ملک کو نقصانات کے گڑھے میں گھڑا کر کے اس سے پرزور حمایت کا ثبوت دے رہے ہیں۔ ہمیں کوئی بہتر راستہ تلاش کرنا چاہیے۔ نعروں، پتھراؤ اور آتش زدگی سے کسی بھی حکومت کو کوئی فرق نہ پڑے گا۔ اس میں نقصان ہمارا اپنا ہے۔

پاکستانی مسلمانوں کا یہ غصہ اور شدید اختلاف قابل اعتراف ہے۔ لیکن ہمارے دین کی مقررہ حدود کے اندر رہنا چاہیے اور اس مذموم حرکت کو نوٹس اعلیٰ سطح پر لیا جانا چاہیے۔ تمام مسلمان ملکوں کو انفرادی طور پر بھی بھارت کو اپنی تشویش سے آگاہ کرنا چاہیے۔ بڑی بڑی شخصیات اور تنظیموں کو اپنے جذبات کا مؤثر اظہار کرنا چاہیے۔

پاکستان کو اس مسئلے کو متعلقہ بین الاقوامی فورموں پر اٹھانا چاہیے۔ نیز اجتماعی طور پر اس بات کا جائزہ لینا چاہے کہ عالم اسلام اپنے غم و غصے کے اظہار کے لیے کیا مزید اقدامات بہتر طور پر کر سکتا ہے۔

قومی بے اتفاقی

باہمی اتحاد اور اتفاق ایک ایسی نعمت ہے جس سے زندگی سنورتی، نکھرتی اور بلند و

بالا ہوتی ہے۔ اتفاق کے اندر اس قدر عظمتیں، اس قدر خوبیاں اور اس قدر برکتیں ہیں کہ ان سے نہ کوئی انسان انکار کر سکتا ہے اور نہ کوئی قوم۔

یہ وہی اتفاق تھا جس کی برکت کے باعث آج سے کئی سال قبل مسلمانان برصغیر قائداعظم کی قیادت میں ایک جھنڈے تلے متحد ہو گئے اور قیام پاکستان کے جذبے کو مزید فروغ ملا۔

آج اگر ہم معاشرے میں نظر دوڑائیں تو معاشرے میں جو انتشار، بے چینی نظر آئے گی وہ اتفاق کے فقدان ہی کے باعث ہے۔ ہمیں آج پہلے سے زیادہ متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم سب مسلمان، خواہ ان کا تعلق کسی بھی نسل، کسی بھی طبقے سے ہو متحد ہو جائیں تو ایک مضبوط قوت بن کر دنیا میں اپنا کھویا وقار دوبارہ حاصل کر سکتے ہیں لیکن مقام افسوس ہے کہ آج کے معاشرے میں اتفاق و اتحاد باقی نہیں رہا۔ نہ ہی حکومتی سطح پر اتحاد ہے اور نہ عام روزمرہ معاشرتی زندگی میں۔

آج اگر ہم میں اتفاق ہو تو ہمارے سامنے بڑے بڑے مسائل خس و خاشاک کی طرح بہہ جائیں۔ ہمارے سامنے نہ ہی مسئلہ کشمیر ہو اور نہ ہی بابری مسجد جیسے عظیم سانحے سے دوچار ہونا پڑے۔

اتفاق و اتحاد کی اہمیت مسلم ہے اور اس کی ضرورت کو ہمارے نبی اکرمؐ نے آج سے تقریباً چودہ سو سال قبل ہی محسوس کر لیا اور تمام مسلمانوں کو اتفاق سے رہنے کی تلقین فرمائی۔ تاکہ آنے والی نسلوں کو نااتفاقی کی لعنت سے بچایا جا سکے۔

یہ وہی اتفاق ہے جس کی ضرورت اور اہمیت کے پیش نظر سر سید احمد خاں نے مسلمانان برصغیر کو قومی اتفاق کا درس دیا۔ مسلمان، ایک ہی قوم ہیں، لہٰذا آپس میں اتفاق سے رہنا چاہیے تاکہ دشمن اپنے ناپاک ارادوں میں کامیاب نہ ہو سکیں۔

تاریخ نے اتفاق واتحاد کے ایسے بہت سے واقعات محفوظ کر رکھے ہیں جنھیں پڑھ کر آج بھی ہمارا ایمان تازہ ہوتا ہے اور ہمیں قلبی سکون ملتا ہے اور اتفاق کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

دور حاضر میں مہذب ممالک جس قدر ترقی کر رہے ہیں اور عالمی سطح پر ہمیں تہذیب و ارتقاء کی جو بلندی نظر آ رہی ہے اس کی تہہ میں اتفاق کا یہی جذبہ کار فرما ہے۔

اس لئے آج ہم پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم حب الوطنی کا ثبوت دیتے ہوئے قوم کو قومی اتفاق کی اہمیت واضح کریں اور انھیں قومی اتفاق کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کریں، انکے شعور کو بیدار کریں اور یہ کام وسیع پیمانے پر شروع کیا جائے۔ ہمارے سیاسی لیڈروں کو باہمی اختلافات کو پس پشت ڈال کر قومی مفادات کی خاطر باہمی اتفاق کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور یوں جب ملک کا ہر فرد متحد ہو گا تو ملک میں بھی خوشحالی بڑھے گی اور بین الاقوامی برادری میں پاکستان کے وقار میں بھی اضافہ ہوگا۔

تاریخ شاہد ہے کہ جب مسلمانوں نے ایمان کی رسی کو پکڑے رکھا وہ سربلند ہو گئے۔ جب انھوں نے دین کے مضبوط رشتے کو چھوڑ دیا تو وہ مٹ گئے اور تاریخ میں ان کی داستان بھی باقی نہ رہی۔

قومی اتفاق کا مفہوم یہی ہے کہ نسل، خون اور رنگ کے سبھی تعلقات ختم ہو جائیں اور مسلمان ایک ملت بن جائیں جیسا کہ علامہ اقبال فرماتے ہیں:۔

بتان رنگ وخون کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا۔
نہ تورانی رہے باقی، نہ ایرانی نہ افغانی

نظم

آہ یہ آنسو
کتنے!
حساس ہیں یہ
ذرا سی،
تھوڑی سی ٹیس بھی
برداشت نہیں کر سکتے
اور ....
اور ضبط کے تمام بندھن
توڑ کر نکل آتے ہیں
اظہار دل کے
واسطے
یہ تو بے زباں ہوتے ہیں
مگر
دل کی زباں بولتے ہیں
اور
اپنی ہر بوند میں
ہر موج میں
درد کا اک فسانہ
اک طوفاں سمیٹے ہوئے

ثوبیہ اعجاز

I would like you find me a daughter-in-law who would bring a lot of dowry.

بیادِ رفتگاں



حاجی محمد اصغر گھرکی

سرزمین پنجاب کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس سرزمین پر بے شمار اولیاء کرام، معروف شعراء اور محب وطن سیاستدانوں نے جنم لیا۔ جنھوں نے ملکی سیاست میں اپنا اہم کردار ادا کیا اور اس پر گہرے اثرات چھوڑے ہیں۔ انہی سیاست دانوں میں ایک ایسی شخصیت بھی ہے جو کسی تعارف کی محتاج نہیں بلکہ تعارف ان کا محتاج ہے جب بھی ملکی سیاست پر گہری اور عمیق نظر ڈالی جائے تو اس ملک اور سیاست کے لئے اس شخصیت کی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا گو آج یہ شخصیت ہم میں نہیں مگر ملکی سیاست میں ان کا نام تابندہ ستارے کی طرح ہمیشہ روشن رہے گا۔ یہ شخصیت جس نے ایک چھوٹے سے گاؤں موضع گھرکی میں جنم لیا۔ اپنی محنت اور عمل کے باعث علاقہ کی سیاست پر چھا گئی اس شخصیت کو حاجی محمد اصغر گھرکی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ حاجی محمد اصغر گھرکی ارائیں خاندان کے نامور چشم و چراغ تھے۔ آپ ایک بے باک سیاسی و سماجی رہنما اور علاقہ کی ہردلعزیز شخصیت تھے۔ آپ نے اپنا سیاسی سفر 1970ء میں آزاد امیدوار کی حیثیت سے الیکشن لڑ کر شروع کیا۔ دوسری دفعہ آپ نے پی این اے کی طرف سے صوبائی اسمبلی کا انتخاب لڑا 1983ء میں لوکل باڈیز الیکشن میں ڈسٹرکٹ کونسل لاہور کے ممبر منتخب ہوئے 1985ء کے غیر جماعتی انتخابات میں آپ اپنے حلقے سے بھاری اکثریت کے ساتھ ایم این اے منتخب ہوئے اور 1988ء میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر دوبارہ عوام کی حمایت سے قومی اسمبلی

حاجی محمد اصغر گھرکی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے۔

زندگی بھر مخالفوں کے آگے نہیں جھکے

حاجی محمد اصغر گھرکی ایک تقریب میں اپنے تاثرات قلمبند کرتے ہوئے۔

کے رکن منتخب ہوئے اور 1990ء میں جب صدر اسحاق نے بے نظیر حکومت پر ناجائز الزامات عائد کرکے منتخب اسمبلی توڑ دی تو آپ پر مشکلات اور تکلیفوں کا دور شروع ہو گیا اور اس دور کے وزیر اعلیٰ کے ایماء پر آپ کے خلاف بے شمار جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات بنائے گئے لیکن آپ اس ظلم اور جبر کے سامنے جھکے نہیں بلکہ ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ آپ پر ظلم کی انتہاء کر دی گئی کہ جب آپ حوالات میں تھے تو سیاسی انتقام کے باعث ڈاکٹر تک کو آپ تک نہ جانے دیا گیا حالانکہ آپ شوگر کے مریض تھے۔ اصغر گھرکی کی شخصیت میں بہت عاجزی اور انکساری پائی جاتی تھی۔ آپ اپنے علاقے میں بہت ہر دلعزیز تھے کیونکہ آپ ہزاروں بیواؤں، یتیموں اور بے سہارا لوگوں کی مدد کرتے تھے اس سے آپ کو ایک خاص روحانی مسرت ملتی تھی۔ آپ بڑے متقی اور پرہیز گار تھے۔ آپ کے در سے کبھی کوئی سائل خالی نہ گیا۔ اصغر گھرکی ایک عظیم محب وطن دوست نواز ہمدرد اور بے لوث خدمت گار تھے۔ مرحوم نے تحریک پاکستان میں بھرپور کردار ادا کیا۔

آپ اپنی بات کے پکے اور قول کے سچے انسان تھے اور اسی اصول پر وہ اپنی تمام زندگی کاربند رہے۔ پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں جب بے نظیر بھٹو کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کی گئی تو آپ نے بے نظیر حکومت کا ساتھ دیا حالانکہ آپ کو کروڑوں روپے کی آفر بھی ہوئی مگر اس عظیم شخصیت نے روپے کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے ٹھکرا دیا اور کہا کہ اگر انسان کسی کا ساتھ دے تو کھل کر اور اگر مخالفت کرے تو بھی اسی اصول پر کاربند رہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر میرے سیاسی مخالف دنیا بھر کا خزانہ بھی میرے سامنے رکھ دیں تو اصغر گھرکی صرف اور صرف محترمہ کا ساتھ دے گا۔

علاقہ گھرکی کی یہ مشہور و معروف بزرگ ہستی دسمبر 1989ء میں ہم سے بچھڑ گئی۔ ان کی وفات

سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں نواز شریف

لکھنے والوں سے گذارش

- مضامین، خاکے، کارٹون، رپورٹس خبریں وغیرہ ہر ماہ کی ۲۰ تاریخ تک پہنچ جانا لازمی ہیں۔
- انتہائی اہم خبروں کے لئے ہم ۲۵ تاریخ تک انتظار کر سکتے ہیں۔
- اپنے مضامین صاف، خوشخط اور کاغذ کے ایک طرف لکھیں۔
- مختصر مضامین کی اشاعت کے امکانات زیادہ ہیں۔



سے ملک ایک تجربہ کار پارلیمنٹرین سے محروم ہو گیا۔ شاید اب اصغر گھرکی جیسی دلیر اور بہادر شخصیت مدتوں اس خطہ پر جنم نہ لے سکے۔ اس عظیم سیاسی و سماجی رہنما کے مشن کو اب ان کے صاحبزادے ارشد گھرکی سابق ایم این اے اور خالد جاوید گھرکی اپوزیشن لیڈر ضلع کونسل لاہور نے جاری رکھا ہوا ہے اور اپنے عظیم باپ کی جانشینی کا صحیح حق ادا کر رہے ہیں۔

مرحوم کی یاد میں اصغر گھرکی کے نام سے ایک فاؤنڈیشن بھی قائم کی گئی ہے جس نے 85 کینال رقبے پر جلو موڑ میں ایک ہسپتال کی تعمیر شروع کی ہے۔ علاوہ ازیں برکی، کاہنہ، رائے ونڈ، چوہنگ، مانگا منڈی میں فاؤنڈیشن ہسپتال قائم کرنے کا پروگرام بھی ہے۔

ارشد گھرکی سابق ایم این اے

حاجی اصغر گھرکی ایک عظیم لیڈر تھے



خالد جاوید گھرکی قائد حزب اختلاف ضلع کونسل لاہور

تعلیم اور تعلیمی پالیسی

تحریر محمد وسیم بھٹی

نئی تعلیمی پالیسی کے اعلان کے فوراً بعد ہی طلباء، اساتذہ اور والدین میں خاص بے چینی دیکھنے میں آئی ہے۔ گو کہ یہ صحیح ہے کہ معیار تعلیم پر کنٹرول کا بہتر حل Privatization ہی میں نظر آتا ہے لیکن کیا یہ ضروری ہے کہ پرائیوٹائز کرنے کے بعد تعلیمی معیار بہتر ہو جائیگا قرین قیاس تو یہی ہے کہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں کا رجحان زیادہ کاروباری ہو جائیگا اور تعلیم مہنگی ہونے کے ساتھ ساتھ محدود طبقے تک رہ جائے گی اور کثیر عوام علم کی روشنی سے مستفید نہیں ہو سکیں گے۔ ایک طرف تو حکومت نے نئی پالیسی میں خواندگی کا ہدف 70% رکھا ہے جو کہ ایک انقلابی قدم ہے لیکن دوسری طرف تعلیمی اداروں کو آہستہ آہستہ خودمختار بنانے اور پرائیوٹائز کرنے کے سلسلے کے اعلان کے بعد یہ ممکن نظر نہیں آتا کہ تعلیم واقعتاً ہمارے معاشرے میں عام ہو سکے گی۔ تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کیلئے اخلاقی تبدیلی لانی ہو گی اور اخلاقی تبدیلی معاشرے میں اسی طرح ممکن ہے کہ معاشرے میں سماجی انصاف ہو۔ اس گرانی کے دور میں اساتذہ کی تنخواہیں جس قدر کم ہیں ان میں گزارہ کرنا کافی مشکل ہے دوسرا معاشرے میں بے راہ روی، لوٹ مار، رشوت اور چور بازاری کا جو بازار گرم ہے اس میں طالبعلم بھی اپنی پوری توجہ تعلیم کی جانب نہیں دیتا نتیجہ کے طور پر نتائج بد سے بدتر سامنے آ رہے ہیں۔ جہاں نتائج بہتر ہیں وہاں نمایاں ہاتھ کرپشن کا ہے۔ اگر حکومت حقیقتاً تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا چاہتی ہے تو اسے چاہیے کہ اولاً بجٹ میں تعلیم کے لئے مختص رقم 4% تک کر بڑھائے اور اس اضافے کا اکثر حصہ تنخواہوں میں صرف ہو۔ دوم یہ کہ تعلیم کا دورانیہ موجودہ دورانیے سے بڑھایا جائے اور طلباء کو شام تک اداروں میں پابند کیا جائے۔ تاکہ طلباء کا زیادہ سے زیادہ وقت حصول علم میں صرف ہو۔ طلباء تنظیموں کو Code of Conduct کے ذریعے محدود دائرہ اختیار دیا جائے تاکہ تعلیمی ماحول میں بدمزگی پیدا نہ ہو۔ چہارم بورڈ اور یونیورسٹی امتحانات سخت حکومتی نگرانی لئے جائیں اور غیر قانونی حرکات کے مرتکب افراد کو قرار واقعی سزائیں دی جائیں۔ امتحانات اور نتائج پر طلباء کا اعتماد بحال کیا جائے۔ پنجم یہ کہ فارغ التحصیل طلباء کیلئے حکومت باقاعدہ پلاننگ کے ذریعے ذرائع ملازمت و کاروبار فراہم کرے اور بے روزگاری کا خاتمہ کرے۔ کورسس معاشرتی و معاشی ضروریات کے مطابق ترتیب دیئے جائیں تاکہ تعلیم بامقصد ہو۔ ہفتم یہ کہ سیاسی مداخلت سے تعلیمی اداروں میں گریز کیا جائے اور علاقائی انتظامیہ کے اعلیٰ افراد کو پرنسپل صاحبان کے ہر ممکن مدد کے لئے پابند کیا جائے۔

موجودہ ڈگر پر قائم رہ کر سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے' کے اصول پر قائم رہ کر تعلیمی معیار اور حالات میں کوئی تبدیلی ممکن نہیں۔ Adult Education جیسے ناکام تجربات نے یہ ثابت کیا ہے کہ صرف اداروں کی تعداد میں یا اگلے درجوں میں اضافہ کے ذریعے کبھی تعلیم عام نہیں ہوئی لہٰذا اس سلسلہ میں حکومت کو اپنی پالیسی پر نظرثانی کرنی چاہیے اور ایسے ممکنہ تبدیلیوں کے ذریعے مناسب اور قابل قبول بنائے۔

حاجی اصغر گرکے سنگ بنیاد رکھتے ہوئے



حاجی اصغر گرکی ایک تقریب میں عوام سے ملاقات کرتے ہوئے

Organising Committee

• H.E. Shaikh Faisal bin Khalid Al Qasimi,
CHAIRMAN

Abdulrahman Bukhatir
VICE-CHAIRMAN

Members

Hamid Shahmiri

Abdulrahman Falaknaz

Mohammed Redha Abbas

C. Motiwalla

Lovraj Talwar

K.M. Bhatia

P. Batavia

Ram Buxani

V. Balasubramaniam
Treasurer

A.R. Wadiwala

Vikram Kaul

Vashu Chainani

Z.U. Sabri

انٹرویو

ممتاز سینئر پروموٹر کیپٹن ریٹائرڈ محمد یوسف مینیجنگ ڈائریکٹر زمان انٹرنیشنل

امارات میں قانون کی حکمرانی ہے

کیپٹن ریٹائرڈ محمد یوسف

یو اے ای میں پاکستانیوں کی بڑی عزت ہے

کیپٹن ریٹائرڈ محمد یوسف کا شمار پاکستان کے معروف ترین پروموٹرز میں ہوتا ہے آپ ایک تعلیم یافتہ، فرض شناس، بااصول شخصیت کے مالک ہیں ذاتی طور پر انتہائی خوش اخلاق، ملنسار، وسیع اثر ورسوخ رکھنے والے انسان ہیں ۱۹۷۵ء سے ایمیگریشن کے بزنس سے وابستہ ہیں سعودی عرب متحدہ عرب امارات رومان، قطر، کویت اور دیگر ایسٹ کی ریاستوں میں مین پاور فراہم کر رہے ہیں۔ ایک ملاقات میں کیپٹن یوسف نے متحدہ عرب امارات کی حکومت کے اس فیصلے کو جائز اور درست قرار دیا کہ متحدہ عرب امارات کی حکومت نے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پاکستانیوں کو نکال دیا ہے انہوں نے بتایا امارات میں قانون پر سختی سے عمل درآمد کا نتیجہ ہے کہ یو اے ای میں جرائم اور غیر قانونی کام نہ ہونے کے برابر ہیں یو اے ای میں قانون کی حکمرانی کی وجہ سے انصاف کا بول بالا ہے جس کی وجہ سے تارکین وطن یو اے ای میں اپنے آپ کو ہر لحاظ سے پرسکون اور محفوظ سمجھتے ہیں کیپٹن یوسف نے مزید بتایا کہ یو اے ای کے بزنس مینوں کیساتھ کاروباری مراسم میں یہ بات پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ یو اے ای میں قانونی طور پر مقیم پاکستانیوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے اور عزت و وقار حاصل ہے اس لیے یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ یو اے ای میں مقیم بے گناہ پاکستانیوں کو بھارت کے ایماء پر نکالا ہے۔

کیپٹن یوسف نے کہا امارات کے حکمرانوں کے پاکستان کے ساتھ انتہائی قریبی، ادارانہ مراسم ہیں جہاد افغانستان میں بھی امارات کے حکمرانوں اور عوام نے کھل کر پاکستان کا ساتھ دیا کروڑوں افغان مجاہدین ہیں اور مہاجرین کی امداد کیلئے خرچ کیے پاکستان میں زلزلہ ہو یا سیلاب ہو یو اے ای کے حکمران ہمیشہ پاکستان کی مالی امداد کرتے ہیں۔

کیپٹن یوسف ایسے عظیم دوست ملک کے بارے میں پروپیگنڈا کہ اس نے بھارت کو خوش کرنے کیلئے بے گناہ پاکستانیوں کو نکالا ہے سراسر غلط اور بے بنیاد اور یہ حقیقت ہے کہ یو اے ای نے کبھی کسی پلیٹ فارم پر انڈین لابی کا ساتھ نہیں دیا ہے۔

ہم بحیثیت پرموٹر ایسے شرپسند عناصر کے پروپیگنڈے اور جھوٹی خبروں کی جس کا مقصد امارات کیساتھ پاکستان کے تعلقات کو خراب کرنا ہے سخت مذمت کرتے ہیں

کیپٹن یوسف نے اورسیز پاکستانیوں کی وزارت کی کارکردگی پر سخت افسوس اور دکھ ظاہر کرتے ہوئے کہا ابھی تک ابوظہبی میں لیبر اتاشی نہیں بھیجا گیا جس کی وجہ سے اتنا بڑا واقعہ رونما ہوا ہے لہٰذا وزارت لیبر افرادی قوت کو چاہیے کہ یو اے ای جیسے دوست ملک میں فوری طور پر ایسے کسی تجربہ کار جہاندیدہ پبلک ریلیشن کی ماہر شخصیت کو لیبر اتاشی مقرر کریں جو امارات جا کر پاکستانیوں کو وہاں کے قوانین کے بارے میں ایجوکیٹ کرے تاکہ آئندہ اس قسم کے افسوسناک واقعات کا تدارک ہو سکے۔

مڈل ایسٹ میں ہیروئن جیسی منشیات کی روک تھام کیلئے کیپٹن یوسف نے تجویز دی سعودی عرب جیسے ملک میں منشیات کی سمگلنگ میں پاکستانیوں کے ملوث ہونے سے ہمارے قومی وقار کو شدید دھچکا لگا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ جس طرح سعودی عرب کے تمام ایرپورٹ پر ایکسرے والی مشین نصب ہیں اس طرح کی ایکسرے والی مشینیں پاکستان کے تمام ائیرپورٹ

پر نصب کی جائیں اس طرح مستقبل میں ایسے افسوس ناک واقعات کی روک تھام کی جا سکتی ہے۔

منشیات کی سمگلنگ کو روکنے کیلئے ضروری ہے جس ایکروٹنگ ایجنسی کی مین پاور ملک سے باہر جا رہی ہو اس کے نمائندے کو ایئر پورٹ میں نارکوٹیکس کنٹرول کے عملے کے ساتھ تلاشی کرنے کا حق دیا جائے تاکہ وہ اپنے ایمپلائنٹ کے آدمیوں کو چیک کرکے تسلی کر سکے کہ وہ منشیات نہیں لے جا رہے۔

حکومت کو اس اقدام کیلئے پروموٹرز کو پاکستان نارکوٹیکس کنٹرول بورڈ سے تلاشی لینے کا ریسرچ کورس لازمی کروانا چاہیے کیونکہ بصورت دیگر منشیات کی پکڑ پر ایجنسی کے وقار پر ضرب آتی ہے۔

ملک سے باہر جانے والے کیلئے لازمی قرار دیا جائے کہ وہ اپنے ہوم پولیس اسٹیشن سے ایک کلیرنس سرٹیفکیٹ لائے جس میں درج ہو یہ شخص منشیات کو خود استعمال کرتا ہے نہ ہی منشیات کی سمگلنگ اور نہ ہی کسی ایسے غیر قانونی جرائم شریک رہا ہے ایسے این او سی کو لازمی قرار دینے سے منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ لوگوں کی بیرون ملک روانگی میں کمی واقع ہوگی

کیپٹن یوسف نے ڈائریکٹر جنرل بیورو آف امیگریشن محمد ابراہیم خاں جو پاکستانی پروموٹرز کی ہر دلعزیز شخصیت ہیں تجویز پیش کی لاہور۔ کراچی۔ راولپنڈی۔ پشاور۔ کوئٹہ کے پروموٹرز آفس میں بریفنگ کے وقت منشیات اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے سر قلم کرنے کی دستاویزی ویڈیو مناظر دکھائے جائیں تو لوگ خوف کے مارے منشیات کی سمگلنگ اور دیگر جرائم کی طرف مائل نہیں ہوں گے

انٹرویو

نثار احمد پروپرائٹر جان ایکسپریس پشاور

امارات میں چند شرپسندوں نے پاکستان کو بدنام کرنیکی کوشش کی

نثار احمد پشاور کے معروف پروموٹرز ہیں کئی سالوں سے پاکستانی لیبر کو بیرون ممالک میں ملازمت دلوانے کا بزنس کر رہے ہیں اس بزنس میں نثار احمد نے کافی شہرت اور عزت پائی ہے ان کا شمار صوبہ سرحد کے چند اچھے پروموٹروں میں ہوتا ہے۔ نثار احمد ذاتی طور پر انتہائی خوش اخلاق، ملنسار بہترین بزنس مین شخصیت ہیں۔ جب ہم نے نثار صاحب سے رابطہ قائم کیا تو انہوں نے بتایا بیرون ملکوں میں مقیم پاکستانی بہت محنت کرتے ہیں۔ پاکستانیوں کی انتھک محنت سخت جانی کی خوبیوں کی بیرونی دنیا میں ایمپلائر کافی تعریف کرتے ہیں بلکہ ہر ایمپلائر کی خواہش ہوتی ہے کہ اسے کام کیلئے اچھی باصلاحیت لیبر ملے پاکستانی بیرون ملک جا کر اتحاد و اتفاق میں رہنے کی بجائے ایسی سرگرمیوں میں رہتے ہیں جو انہیں بحیثیت مہمان زیب نہیں دیتی۔ بعض شرپسند بھی پاکستانیوں کی نیک دلی اور سادگی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں اپنے مقاصد میں استعمال کر جاتے ہیں۔ حکومت پاکستان کیلئے ضروری ہے کہ وہ ایسے اقدامات کرے جو کوئی پاکستانی بیرون ملک جا کر منفی سرگرمیوں میں حصہ نہ لے سکیں۔ نثار احمد نے بتایا میرے خیال میں حکومت کو چاہیے تمام پروٹیکریٹ کو ہدایت کرے جو لیبر جس ملک میں روزگار کیلئے جا رہی ہے انہیں وہاں کے قانون کے بارے میں بریفنگ دے ایک حلف نامہ پر دستخط لیں کہ وہ بیرون ملک جا کر کسی ایسی سرگرمیوں میں حصہ

نہیں لیں گے جو وہاں کے قانون کی خلاف ورزی کا موجب بھی ہوں اور نہ ہی ایسی کوئی حرکت کریں گے جو پاکستان کے قومی وقار کے منافی ہو خلاف ورزی کی صورت میں فرد ہر طرح کی سزا کے مستوجب ہو گا حکومت پاکستان کے اس اقدام سے ایسے واقعات کی روک تھام ہو سکے گی جو متحدہ عرب امارات میں پیش آئے ہیں جسکے سبب سینکڑوں پاکستانیوں کو ملک بدر کیا گیا ہے۔ اس میں غلطی ہمارے پاکستانی کارکنوں کی ہے انہیں ایسے حالات پیدا نہیں کرنے چاہیے تھے جسکی وجہ سے امارات کی حکومت انہیں اپنے ملک سے نکالنے پر مجبور ہو گئی۔

محمد اعظم آفریدی پروپرائٹر آفریدی انٹرپرائزز پشاور

محمد اعظم آفریدی پشاور کے جانے پہچانے اچھی شہرت رکھنے والے باصلاحیت نوجوان پروموٹر ہیں صوبہ سرحد کے آفریدی قبیلے کے چشم وچراغ ہیں گذشتہ کئی سالوں سے ایئر ٹکٹنگ کے علاوہ ریکروٹمنٹ کا بزنس بڑی ایمانداری اور دیانتداری سے کر رہے ہیں ایک ملاقات میں اعظم آفریدی نے بتایا کہ پوری دنیا میں پاکستانی مین پاور کی افادیت کو تسلیم کیا جاتا ہے پاکستانی محنت اور جفاکشی میں اپنی مثال آپ ہیں پاکستانیوں میں سب سے بڑی خامی ڈسپلن کی کمی ہے اور خوبیوں کے باوجود ڈسپلن میں کمی کی وجہ سے پاکستانی بیرون ممالک میں ایسی حرکات کرتے ہیں جس سے پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے پاکستانیوں میں قوم پرستی کا جذبہ بھی نہ ہونے کے برابر ہے جس کی وجہ سے بحیثیت پاکستانی سوچنے کی ضرورت ہے محسوس نہیں کرتے جوش میں آکر بعض ایسی حرکات بھی کر جاتے ہیں جو انہیں کسی صورت بھی زیب نہیں دیتی۔ ایسی ہی

امارات میں لاکھوں پاکستانی خوشحالی کی زندگی گذار رہے ہیں

صورت حال بابری مسجد کی بے حرمتی کے موقعہ پر متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں نے کی مذہبی جوش میں آکر ہوش سے عاری ہوگئے ایسی غیر قانونی سرگرمیاں جلسے جلوس توڑ پھوڑ کی جو وہاں کے قوانین کی سخت خلاف ورزی تھی جس سے مجبور ہو کر امارات کی حکومت نے بعض پاکستانیوں کو ملک بدر کیا ہے۔ میرے خیال میں یہ درست فیصلہ ہے پاکستانی اخبارات کو جھوٹ کی بجائے سچ لکھنا چاہیے حقائق بیان کرنے چاہیے۔

امارات کی حکومت پر یہ کتناہ بڑا الزام ہے کہ پاکستانیون کو انڈین لابی کے کہنے پر نکال دیا گیا ہے پاکستانیوں کو انڈیا نے کہا تھا کہ آپ جلسے جلوس کریں توڑ پھوڑ کریں وہاں کے حالات خراب کریں اور پھر امارات کی حکومت کو کہا تھا کہ ان کو نکال دیا جائے۔

جبکہ حقیقت یہ ہے کہ غلطی ہمارے پاکستانیوں کی تھی جس کے سبب امارات کی حکومت پاکستانیون کو نکالنے پر مجبور ہوئی حکومت کو حقائق کو دیکھتے ہوئے امارات کی حکومت سے مذاکرات کرکے قانون شکنی کرنے والے پاکستانیوں کو معافی دلوا کرا نہیں دوبارہ اس شرط پر امارات بھجوائیں اس بات کی گارنٹی دیں کہ وہ آئندہ کبھی بھی غیر قانونی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لیں گے۔ مجھے امید ہے وزیراعظم پاکستان کی مداخلت سے امارات کی حکومت پاکستانیوں کے ساتھ فیاضی کا سلوک کرے۔

انٹرویو

محمد ادریس خان

مینجنگ ڈائریکٹر جال اوورسیز ڈویلپمنٹ کارپوریشن راولپنڈی

امارات میں بعض پاکستانیوں کی غیر قانونی سرگرمیاں قابل افسوس ہیں

محمد ادریس خاں

محمد ادریس خان کا شمار راولپنڈی کے تجربہ کار سینئر اور اچھے پروموٹرز میں ہوتا ہے۔ مین پاور کی ایکسپورٹ کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں انگریزی میں ماسٹر ڈگری ہولڈر ہیں۔ 1969 ۔ 1978 شپنگ مینجر کی حیثیت سے دوبئی، ابو ظہبی اور شارجہ میں رہے پھر 1978 سے 1986 تک سعودی عربیہ میں ریکروٹنگ سپیشلسٹ کی حیثیت سے ڈیلا گروپ میں کام کرتے رہے۔ خاندانی مصروفیات کی وجہ سے ری ائنری استعفیٰ دے کے واپس چلے آئے پھر راولپنڈی میں ریکروٹمنٹ ایجنسی قائم کی۔ ریکروٹمنٹ سپیشلسٹ کی حیثیت سے گرانقدر خدمات کے اعتراف میں ڈیلا کمپنی نے پاکستان میں مین پاور کی ڈیمانڈ کا اپنا ایجنٹ مقرر کیا۔ 1987 ۔ 88 سے ریکروٹنگ کے شعبے میں ایمانداری، دیانتداری کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ جال اوورسیز ڈویلپمنٹ کارپوریشن راولپنڈی کے نام سے سعودی عرب، یو اے ای مڈل ایسٹ کے ممالک میں مین پاور ایکسپورٹ کر رہے ہیں۔

متحدہ عرب امارات سے بعض پاکستانیوں نکلنے کے بارے میں اپنے رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے راولپنڈی کے ممتاز پروموٹر ادریس خان نے کہا یو اے ای حکومت نے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث جن پاکستانیوں کو نکالا ہے وہ حکومت امارات کا درست اقدام ہے۔ ہمارے اپنے ذرائع کے مطابق امارات کی حکومت نے جن پاکستانیوں کو نکالا ہے وہ سب غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث تھے یا غیر قانونی مقیم تھے۔ اس موقع پر حکومت یو اے ای کا اقدام قانون کے تقاضوں کے مطابق ہے۔ پاکستان اور امارات کے بہت ہی قریبی برادرانہ تعلقات ہیں ان تعلقات کے ناطے سے میری یو اے ای حکومت سے اپیل ہے قانونی طور پر مقیم پاکستانیوں کو مکمل تحفظ دیں۔ قانونی طور پر زیادہ سے زیادہ مین پاور پاکستان سے منگوائے تاکہ غیر قانونی طریقوں سے بعض پاکستانیوں کو بھیجنے والوں کی حوصلہ شکنی ہو۔ کیونکہ قانونی ذرائع سے گئے ہوئے پاکستانی امارات میں قابل تعریف خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ادریس خان نے توقع کا اظہار کیا کہ وزیراعظم نواز شریف اس اہم مسئلے کے حل کیلئے امارات کے صدر شیخ زید بن سلطان النہیان سے رابطہ کرکے ٹھوس اقدامات کریں گے۔ پروموٹرز کے مسائل کی طرف توجہ دلاتے ہوئے ادریس خان نے پروموٹرز کی ایسوسی ایشن کی کارکردگی پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ایسوسی ایشن کے عہدیدار صرف ذاتی کام کرواتے ہیں انہیں چاہیے یہ تھا کہ پروموٹرز کے اجتماعی مسائل کو حل کرانے کی طرف توجہ دیتے۔ انہوں نے بتایا آج کل پروموٹرز کو سعودی ویزا قونصلیٹ میں ویزا کنفرمیشن کی پرابلم ہے پہلے ویزا کنفرمیشن ایک دن کاغذات جمع کرانے کے دوسرے دن ہو جاتی تھی آج کل ویزا کنفرمیشن ایک ہفتہ کے بعد ہوتی ہے۔ اتنی زیادہ مدت کی وجہ سے ہمارے ایمپلائر سخت پریشان ہوتے ہیں۔ ہم اپنے ایمپلائر کو کوئیک سروس نہیں دے سکتے۔ جس کی وجہ سے ایمپلائر پریشان ہو کر پاکستان سے لیبر منگوانے کی بجائے دوسرے ملکوں کی طرف رجوع کرتے ہیں کیونکہ اگر ہمارے ایمپلائر کو ایک دو ہفتے میں ارجنٹ لیبر چاہیے تو ہم فراہم نہیں کر سکتے۔ اس اہم مسئلے کا حل کیلئے میرے خیال میں ضروری ہے کہ ویزا قونصلیٹ میں ویزوں کی کنفرمیشن کے ریکارڈ کیلئے ایک رجسٹرڈ رکھا جائے جن ویزوں کے بارے میں وہاں سے جو کنفرمیشن آئے اسے

انٹرویو

سعودی قونصلیٹ آفس میں ویزہ کنفرمیشن لیٹر ارجنٹ جاری کئے جائیں

ریکارڈ میں ویزا نمبر، ویزا کے ایمپلائر، جس پروموٹر کے نام ویزا جاری ہوا رجسٹرڈ میں درج کر دیا جائے۔ جب بھی کوئی پروموٹر کنفرمیشن کیلئے رجوع کرے اس ریکارڈ کے رجسٹرڈ کو دیکھ کر فی الفور کنفرمیشن دی جائے۔ سعودی قونصلیٹ پروموٹرز اپنے ایمپلائر کو کوئیک سروس دے سکیں گے۔ پاکستانی مین پاور کی اہمیت و افادیت کو بڑھانے کیلئے ادریس خان نے بتایا وزارت لیبر کو چاہیے کہ وہ پاکستانی لیبر کو ہنرمند بنانے کیلئے جامع پالیسی تشکیل دے۔ پورے ملک میں ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ قائم کرے جس میں میٹرک لیول پر ٹیکنیکل ٹریننگ لازمی دی جائے بلکہ میٹرک تک نصاب میں ٹیکنیکل ٹریننگ کو لازمی قرار دیا جائے تاکہ نوجوان تعلیمی اداروں سے الیکٹریشن، پلمبر، ایئرکنڈیشن، مکینک، ٹیکنیشن، کارپینٹر، سپرے پینٹر، ویلڈر، ڈرائیور بن کر نکلیں۔ ادریس خان نے دعویٰ کیا حکومت کے اس اقدام سے ہم ملک کو بے شمار زرمبادلہ دے کر بڑی تعداد میں پاکستانی مین پاور کو بیرون ملک کھپا سکیں گے۔

انٹرویو

محمد اسحاق قریشی مینجنگ ڈائریکٹر

ٹرانس عربین ٹریول اینڈ ٹریڈ اسلام آباد

محمد اسحاق قریشی ایک شریف النفس، دیانتدار اور سلجھے ہوئی شخصیت کے مالک ہیں۔ سینئر پروموٹر ہونے کے ناطے برادری میں ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ یو اے ای، سعودی عرب، یمن، کویت، مسقط اور موریطانیہ میں افرادی قوت بھجوانے کا مثالی ریکارڈ رکھتے ہیں مین پاور کی ایکسپورٹ میں وزارت مین پاور سے ٹرافی ایوارڈ یافتہ ہیں۔

ایک ملاقات میں جب ہم نے اسحاق قریشی سے یو اے ای سے پاکستانیوں کو ملک بدر کرنے کے بارے میں معلوم کیا تو آپ نے بتایا میں حال میں ہی سعودی عرب اور یو اے ای کے بزنس وزٹ سے واپس آیا ہوں یقین مانیے میں متحدہ عرب امارات کی حکومت کی شرافت، دیانت اور بے مثال صبر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ بعض شرپسند پاکستانیوں کی غیر قانونی سرگرمیوں کو اس حکومت نے برداشت کر کے پاکستان سے دوستی کا ثبوت دیا میں نے دیکھا بابری مسجد کی بے حرمتی کے خلاف مظاہرہ میں پاکستانیوں کے علاوہ مقامی لوگ بھی تھے جو انتہائی پرامن طریقے سے ختم ہو گیا تھا یہ بات قابل ذکر ہے۔ یو اے ای حکومت اور وہاں کی پولیس نے اس پرامن مظاہرے کو روکنے کیلئے کسی قسم کی کوئی مداخلت نہیں کی۔ مظاہرین نے کو نہ ہی پولیس نے بھی تنگ کیا اور نہ ہی رکاوٹیں کھڑی کیں۔ حالانکہ یو اے این میں قانون کی حکمرانی ہے۔ وہاں جلسے جلوس کی قطعی اجازت نہیں۔ افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ اس مظاہرے کے بعد شرپسندوں، تخریب کاروں نے العین میں جشن مظاہرے کا پروگرام بنایا۔ اس مظاہرے کیلئے وہاں کی سات مختلف ریاستوں سے پاکستانیوں کو اکٹھا کیا گیا جبکہ وہاں کا قانون ہے جہاں کا ویزا ہو اس ایریا میں کام کریں انہیں میں غیر قانونی مظاہرے کر کے وہاں کے قانون کو ہاتھ میں لیا گیا ٹریفک جام کی گئی توڑ پھوڑ کی گئی یہ مظاہرے

انٹرویو

یو اے ای کے قوانین کے خلاف کھلی بغاوت تھے۔ یہ ایسی بغاوت تھی اگر اس آگر پر سختی سے قابو نہ پایا جاتا تو یہ پورے یو اے ای کو گھیرے میں لے لیتی امارات کی حکومت نے اس غیر قانونی' غیر اخلاقی بغاوت کو کچل کر درست اقدام کیا ہے۔ یہ پروپیگنڈا سراسر غلط ہے اور حقائق کے منافی ہے کہ یو اے ای حکومت نے انڈیا کو خوش کرنے کیلئے پاکستانیوں کو نکالا ہے۔ محمد اسحاق قریشی نے بتایا میری معلومات کے مطابق جتنے بھی پاکستانی نکالے گئے ہیں وہ درست نکالے گئے ہیں۔ لہٰذا یہ پروپیگنڈا یکسر ختم ہونا چاہیے کہ امارات کی حکومت نے بے گناہ پاکستانیوں کو نکال کر انڈین ہندوؤں کو خوش کیا ہے۔ اس موقعہ میرا حکومت پاکستان کو مشورہ ہے کہ اس مسئلے کو دونوں برادر ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو متاثر کئے بغیر حل کریں۔

اسحاق قریشی نے کہا بیرون ملکوں میں پاکستانی مین پاور کو پریشانیوں سے بچانے اور انہیں ہر طرح کا تحفظ فراہم کرنے کیلئے لازمی ہے کہ حکومت پاکستان ایک ضابطہ اخلاق مرتب کرے جس کے مطابق ہر پاکستانی کیلئے غیر ممالک کے قوانین کا لازمی احترام' وہاں غیر قانونی سرگرمیوں' یونین سازی' ہڑتال سے لاتعلق رہنے کا حلف لیا جائے اس حلف کی خلاف ورزی کی صورت میں سخت ترین سزائیں دی جائیں تاکہ پاکستانی مین پاور کی ڈیمانڈ اور افادیت میں اضافہ ہوتا رہے۔ اسلام آباد کے اس سینئر پروموٹرز نے منشیات کی سمگلنگ کو روکنے کیلئے تجویز دیتے ہوئے کہا وزارت مین پاور اور بیرز پاکستانی کو چاہیے کہ تمام پروموٹرز کو ایک ضابطہ اخلاق کا کاربند بنائیں جس کے تحت منشیات فروشوں' سمگلروں' جرائم پیشہ اور انتشار پسندوں کو ملک سے باہر بھیجنے پر سخت ترین سزا کا مستحق قرار دیا جا۔ حکومت پاکستان کے ایسے اقدامات سے پاکستان کے دوست ملک خصوصاً یو اے ای' سعودی عربیہ' کویت' مسقط' قطر سمیت دیگر ممالک پورے اعتماد اور بھروسے کے ساتھ پاکستان سے مین پاور منگوا سکیں گے۔

چوہدری بشیر پروپرائٹر
چوہدری مین پاور بیورو
لاہور

انٹرویو

چوہدری بشیر ایک مخلص بے لوث قابل اعتماد شخصیت کے مالک ہیں۔ پروموٹرز ایسوی ایشن منتخب کے اہم نمائندے ہیں۔ صاف گو' بے باک قول کے پکے انسان ہیں۔ 1973ء سے ریکروٹمنٹ کے شعبہ میں سعودی عرب کیساتھ بزنس سے آراستہ رہے گذشتہ چند سالوں سے پاکستان میں مستقل طور پر قیام پذیر ہو کر مین پاور کی ایکسپورٹ کیساتھ ساتھ چاول کی برآمد کے بزنس میں آئے ان دنوں مین پاور مڈل ایسٹ اور رائس ایکسپورٹ کر رہے ہیں۔ مریدکے کے قریب چاولوں کی ملوں کے مالک ہیں۔



پاکستانی لیبر کو سارے مڈل ایسٹ میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

شرپسند عناصر کی امارات بدری درست اقدام ہے

انٹرویو

ایک ملاقات میں چوہدری بشیر نے مین پاور کی ایکسپورٹ کے بارے میں اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا ان دنوں پاکستانی لیبر کا بنگلہ دیش' انڈیا' سری لنکا' انڈونیشیا' تھائی لینڈ کی لیبر سے مقابلہ ہے۔ بین الاقوامی مارکیٹ خصوصاً مڈل ایسٹ کی مارکیٹ میں ایمپلائر لیبر کی ڈیمانڈ کرتا ہے۔ ہم اتنی بڑی مارکیٹ میں بھرپور مقابلے کے بعد پاکستان کیلئے بزنس حاصل کرتے ہیں۔ حکومت پاکستان کی طرف سے مقرر کردہ کم از کم ریٹس بھی دیگر ممالک کی لیبر کے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں جسکی وجہ سے ہمیں بہت مشکلات درپیش ہیں ایمپلائر پروموٹر سے والے سستی لیبر کی ڈیمانڈ کرتا ہے۔ جب ہم ایجنسی سستی لیبر فراہم نہیں کرتے تو پھر پاکستان کی بجائے دیگر ممالک کی لیبر کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اگر حکومت پاکستان بین الاقوامی مارکیٹ میں ریٹ کے مطابق پاکستانی لیبر کو بیرون ملک بھیجنے کی کھلی چھٹی دے تو ہم بہت زیادہ مقدار میں پاکستانی لیبر کو بھیج کر کروڑوں روپیہ زرمبادلہ ملک کو فراہم کر سکیں گے۔ اس طرح حکومت کا مفاد بھی اس میں ہے۔

چوہدری بشیر نے بتایا ہماری اپوزیشن نے پروموٹرز کو بزنس ویزا کی سہولتیں دلوانے کیلئے وزیر صاحبان سے میٹنگ کی ہیں۔ انہوں نے وعدہ بھی کیا ہے۔ سعودی سفارتخانہ ہمارے ڈائریکٹر جنرل بیورو امیگریشن کے سفارتی لیبر پر بزنس ویزا جاری کر رہی ہے جس طرح سعودی ا۔میسی پروموٹرز کو ویزے دے رہی ہے اس طرح دیگر ا۔میسیوں کو بھی پروموٹرز ویزا جاری کرنا چاہیے۔ چوہدری بشیر نے ایک سوال کے جواب میں بتایا پاکستانی لیبر دنیا کی تمام لیبر سے زیادہ محنتی اور باصلاحیت ہے۔ پاکستانی لیبر دیگر ممالک کی لیبر کے مقابلہ میں کئی گناہ کام زیادہ کرتی ہے بشرطیکہ معاوضہ معقول ہو۔ مثلاً سری لنکا کا مین مستری اگر ایک دن میں تیس بلاک لگائے گا تو پاکستانی مین 200 بلاک آسانی سے ایک دن میں لگا سکتا ہے پاکستانی لیبر سخت جان ہے ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ پروموٹرز خود جائیں ایمپلائرز کو یہ خوبیاں بتا کر قائل کریں کہ پاکستانی لیبر کی تنخواہ بڑھانے سے اسے فائدہ پہنچے گا اس کا زیادہ کام ہو گا تو یقیناً ایمپلائر پاکستانی لیبر کو ترجیح دے گا۔ چوہدری بشیر نے اس کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا یقین جانیے میں نے اس طرح خود جا کر ایمپلائر کو قائل کر کے امریکن کمپنیوں کا مین پاور کی ایکسپورٹ کا بزنس حاصل کیا ہے۔ 83 ـ 1982ء میں امریکی کمپنی مین پاور کا سارا بزنس انڈیا کو دے رہی تھی وہاں کے سرداروں کو پسند کرتی تھی میں خود امریکن ایمپلائرز سے ملا اس نے پاکستانی مین پاور کے بارے میں کوئی دلچسپی نہ لی میں نے بڑی مشکل سے ملاقات کے دوران انہیں قائل کیا

اگر مجھے ایک موقعہ دیں اگر سردار جی روزانہ ستر بلاک لگا رہے ہیں تو پاکستانی 170 بلاک لگائے گا اگر نہ لگا سکا تو میرے خرچ پر واپس بھیج دیں امریکی گورے نے میری آفر پر ٹرائل کے لئے 18 مین کا آرڈر دیا آپ حیران ہوں گے پاکستانی لیبر نے 70 کے مقابلے میں 175 بلاک لگا دیئے تھے۔ پاکستانی لیبر میں یہ خصوصیات ہیں

انہیں پورے مڈل ایسٹ میں پسند کیا جاتا ہے۔

چوہدری بشیر نے کلسٹڈ انکم ٹیکس کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے اسے پروموٹرز کے مفاد میں قرار دیا۔ متحدہ عرب امارات میں بھی پاکستانی مین پاور کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے' واقعی امارات کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی میں پاکستانی لیبر کا بہت حصہ ہے جس کا اعتراف امارات کی حکومت اور عوام قلب و ذہن سے کرتے ہیں امارات

انٹرویو

شیخ مسعود صادق

پروپرائٹر شیخ کارپوریشن راولپنڈی

پاکستانیوں کو غیر ممالک میں قوانین کا احترام کرنا چاہیئے

شیخ مسعود کا تعلق سیاسی خانوادے سے ہے آپ کا خاندان ٹیکسلا کی سیاست میں ایک خاص مقام رکھتا ہے۔ شیخ مسعود سیاست کے ساتھ ساتھ پروموٹنگ کے بزنس سے وابستہ ہیں۔ مین پاور کی ایکسپورٹ میں کافی نام اور شہرت کما چکے ہیں۔ شیخ مسعود اچھے بہترین صاف گو دوست نواز انسان ہیں کافی عرصے سے الشیخ کارپوریشن کے نام سے ریکروٹنگ کا بزنس کر رہے ہیں۔

ایک ملاقات میں شیخ مسعود نے پاکستانی مین پاور کے بیرون ملک کردار کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی لیبر دنیا کی بہترین لیبر ہے ہر قسم کے موسم اور حالات میں سخت جان ثابت ہوتی ہے۔ دنیا کی بہترین سے بہترین لیبر جو کام نہیں کر سکتی پاکستانی لیبر وہ کام بھی کر سکتی ہے۔ ہماری لیبر کا معیار دیگر ممالک کی لیبر سے زیادہ ہے ہماری لیبر اس لئے کم تنخواہ پر جانے کیلئے تیار نہیں ہوتی کیونکہ پروڈکشن کے لحاظ سے بھی ہماری لیبر زیادہ پروڈکشن دیتی ہے۔ مڈل ایسٹ میں جہاں بھی لیبر کی ڈیمانڈ ہے وہاں پاکستانی لیبر کو پسند کیا جاتا ہے۔ ہماری لیبر میں جہاں ہزاروں خوبیاں ہیں وہاں خامی یہ ہے کہ بیرون ملک جا کر بھی اپنی عادات اطوار یہاں کے ماحول کے مطابق رکھتے ہیں جبکہ ضرورت یہ ہے کہ بیرون ملک جا کر پاکستانیوں کو وہاں کے ماحول کے مطابق رہنا چاہیے ایسا نہیں ہوتا ہمارے ہاں جلسے جلوس توڑ پھوڑ کی کھلی چھٹی ہے۔ کوئی پوچھنے والا نہیں ہماری لیبر کے ذہنوں میں جلسے جلوس' ہڑتال' تالا بندیاں اور توڑ پھوڑ جیسی عادات موجود ہوتی ہیں۔ یہی عادات بیرون ملک میں بروئے کار لا کر ملک کی بدنامی کا باعث بناتے ہیں۔ کیونکہ عرب دنیا میں جلسے جلوس' ہنگامی آرائی' توڑ پھوڑ' تالا بندیاں' ہڑتال نام کی کوئی شے نہیں ہوتی ایسی صورت حال ہمارے بعض پاکستانیوں نے متحدہ عرب امارات میں پیدا کر دی جلسے جلوس کیے'

ہنگامہ آرائی کی' توڑ پھوڑ کی' وہاں کے پرامن ماحول کو خراب کیا قانون کو ہاتھ میں لیا یہ اس طرح کیا گیا جس طرح پاکستان میں ہوتا ہے۔ امارات کی حکومت نے مجبور ہو کر پاکستانیوں کو سخت ترین سزائیں دینے کی بجائے پاکستان بدر کیا ہے۔ یہ بھی شرپسند پاکستانیوں پر احسان ہے اس سے پاکستانی کی بدنامی ہوئی ہے۔ پاکستان کے قومی وقار کو شدید دھچکا لگا ہے۔ بیرونی ایمپلائر پاکستانی مین پاور کی اس روش سے خوف زدہ ہوئے ہیں۔ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ وہ ایک قانون کے ذریعے بیرون ملکوں میں جانے والے پاکستانیوں پر وہاں کے لازمی قانون کا احترام' غیر قانونی سرگرمیوں سے مکمل اجتناب' ہڑتال' توڑ پھوڑ' تالہ بندیوں جیسے واقعات کے تدارک کی لازمی پابندی کرائیں تاکہ کسی بھی پاکستانی کو بیرون ملک جا کر وہاں کے قانون کی خلاف ورزی کی جرات نہ ہو سکے خلاف ورزی کی صورت میں پاکستان میں سخت سزاؤں کا سلسلہ شروع کیا جائے۔

شیخ مسعود نے کہا متحدہ عرب امارات ہمارا دوست برادر ملک ہے وہاں بابری مسجد کے نام پر ہنگامہ کھڑا کر کے حالات بگاڑنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ہم مذمت کرتے ہیں حکومت پاکستان سے اپیل کرتے ہیں امارات کی حکومت سے مذاکرات کر کے قانونی طور پر مقیم پاکستانیوں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے اور آئندہ ایسے واقعات کے تدارک کیلئے ٹھوس اقدامات کرے۔

انٹرویو

یو اے ای میں بعض پاکستانیوں کی غیر قانونی سرگرمیاں قابلِ افسوس ہیں

ممتاز کاروباری شخصیت
راجہ سلیم پروپرائٹر راجہ سلیم ریکروٹنگ ایجنسی راولپنڈی

راجہ سلیم کا شمار آزاد کشمیر اور پاکستان کے ممتاز کاروباری حضرات میں ہوتا ہے آپ صنعت' ٹھیکیداری اور ریکروٹنگ کے بزنس سے وابستہ ہیں آزاد کشمیر اور پاکستان کے تاجروں کیلئے آپ کی خدمات گرانقدر ہیں آزاد کشمیر چیمبرز آف کامرس کے بانیوں میں شمار ہے نیز ایشین دی چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز پاکستان کے نائب صدر رہے ہیں آج کل وفاقی فیڈریشن کے چیئرمین ہیں ۱۹۷۴ء سے راجہ سلیم ریکروٹنگ کے نام سے Middle East میں مین پاور کا بزنس کر رہے ہیں

جب ہم نے راجہ سلیم صاحب سے یو اے ای سے پاکستانیوں کو نکالنے کی خبر پر ردعمل معلوم کیا تو راجہ سلیم نے دکھ بھرے لہجے میں کہا پاکستانیوں کو امارات کے قانون کو ہرگز ہاتھ میں نہیں لینا چاہیے تھا دنیا جانتی ہے کہ امارات میں جلسے جلوس نام کی کوئی شے نہیں امارات کے قانون میں ایسی سرگرمیاں خلاف قانون ہیں پاکستانیوں کو چاہیے تھا کہ وہاں کے قانون کے اندر رہتے ہوئے بابری مسجد کے بارے میں اپنے مذہبی جذبات کا اظہار کرتے

میرے اندازے کے مطابق امارات کی حکومت نے جن پاکستانیوں کو نکالا ہے وہ زیادہ تر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث تھے میرے خیال میں ایسے قانون شکن لوگوں کے ساتھ امارات کی حکومت کا یہ درست اقدام ہے چنانچہ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ وہ اس مسئلے کو باہمی گفت وشنید کے ساتھ حل کریں تاکہ دونوں برادر ملکوں کے تعلقات متاثر نہ ہوں کیونکہ امارات میں لاکھوں کی تعداد میں پاکستانی مین پاور کام کر رہی ہے جو ہمارے لیے زرمبادلہ کا اہم ترین ذریعہ ہے امارات کی حکومت اور عوام بھی پاکستانی مین پاور کو پسند کرتے ہیں انھوں نے کہا میرے خیال میں پاکستان حکومت اگر غیر قانونی طور پر پاکستانیوں کو حوصلہ شکنی کرتی ہے

غیر قانونی سرگرمیوں میں حصہ لینے والوں کے ساتھ سخت ایکشن لیتی ہے تو حکومت پاکستان اس اقدام سے امارات جیسے جدید ملک میں پاکستانی مین پاور کی غیر قانونی طور پر درآمد میں بے پناہ اضافہ ہو سکتا ہے مجھے یقین ہے کہ حکومت پاکستان تاجر اور پروموٹرز برادری کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کرے گی جس سے امارات کیساتھ تعلقات متاثر ہونے کی بجائے آگے بڑھیں گے۔

بیرونی ممالک پاکستانیوں کا کردار ملک و قوم کے مفاد میں ہونا چاہئے

معروف شخصیت محمد اکرم قریشی
چیئرمین قریشی برادرز کراچی

محمد اکرم قریشی کا تعلق آزاد کشمیر کے ممتاز قریشی خاندان سے ہے آپ کا گھرانا سیاسی، سماجی اور مذہبی حلقوں میں انتہائی قدر و عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ محمد اکرم قریشی خوش اخلاق، دیندار، شریف النفس اور سلجھے ہوئے پروموٹر ہیں۔ پاکستان اور آزاد کشمیر کے حکومتی حلقوں میں وسیع تعلقات رکھتے ہیں عرصہ دراز سے شاہراہ فیصل کراچی پر ایک خوبصورت عمارت میں قریشی برادرز کے نام سے اوورسیز ایمپلائمنٹ کی ایجنسی چلا رہے ہیں۔ سماجی اور فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں پروموٹرز ایسوسی ایشن کے کاموں میں پیش پیش رہتے ہیں بے شمار خوبیوں کی بدولت پروموٹرز برادری میں آپ کو بڑی عزت و محبت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

ممتاز پروموٹر محمد اکرم قریشی سے جب ہم نے پاکستانی مین پاور کا بیرون ملک میں کیا کردار ہونا چاہیے سے متعلق سوال کیا اس پر انہوں نے کہا کہ پاکستانی لیبر کا بیرون ملک میں کردار پاکستان کے قومی وقار کے شیان شان ہونا چاہیے۔ پاکستانی لیبر کو وہ ہر اقدام اٹھانا چاہیے جو قومی وقار کے اضافہ کا سبب بنے ایسے اقدامات اور ایسی سرگرمیوں سے دور رہنا چاہیے جو پاکستان کی بدنامی کا سبب بنتی ہیں۔ کیونکہ پاکستانی مین پاور بیرون ملک میں پاکستان کی شناخت ہوتی ہے بیرون ملک پاکستانی ملک کے غیر سرکاری سفیر ہوتے ہیں ان کی حرکات کو بحیثیت قوم دیکھا جاتا ہے۔ ہمارے پاکستانی بیرون ملک جاکر ڈسپلن کے تحت رہیں غیر قانونی کاموں اور

غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہیں منشیات فروشی اور سمگلنگ میں ملوث لوگوں کا آلہ کار نہ بنیں تو میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں بیرون ملک میں پاکستان کا قومی وقار بڑھے گا۔ متحدہ عرب امارات میں ہمارے پاکستانیوں نے بعض تخریب کاروں کے چنگل میں آکر جن غیر قانونی جلسے جلوسوں توڑ پھوڑ ہنگاموں کا سلسلہ شروع کیا وہاں کے امن و امان کو تہہ و بالا کیا وہاں کی حکومت کیلئے مسائل پیدا کئے ان پاکستانیوں کی قابل افسوس حرکتوں کی وجہ سے امارات کی حکومت انہیں اپنے ملک سے نکالنے پر مجبور ہوئی میرے خیال میں سارا قصور ہمارے پاکستانیوں کا ہے

جنہوں نے وہاں کے قانون کو ہاتھ میں لیا وہاں کے حالات خراب کئے وہاں کی حکومت کے خلاف ہوا بہت کی امارات کی حکومت کے حوصلے کو داد دیتا ہوں کہ اس نے شرپسند پاکستانیوں کو سخت سزائیں دینے کی بجائے صرف پاکستان کیساتھ خصوصی برادرانہ تعلقات کی وجہ سے صرف اپنے ملک سے نکالا ہے۔ حکومت پاکستان کو چاہئے کہ وہ ایک ضابطہ اخلاق تیار کرے جس کے مطابق ہر پاکستانی کیلئے بیرون ملک میں ہیروئن فروشی، منشیات کی سمگلنگ، غیر قانونی حرکتوں پر سخت پابندی عائد کر دی جائے خلاف ورزی کی صورت میں پاکستان میں ایسے عناصر جو بیرون ملک پاکستان کی بدنامی کا باعث بنیں سخت ترین سخت دی جائیں۔

لگتا ہے امارات میں بعض پاکستانی جوش میں آکر ہوش کھو گئے تھے۔

اعلیٰ تعلیم یافتہ سینئر پروموٹر
اصغر علی صغیر

پروپرائٹر غیم ایکسپریس (راولپنڈی)

اصغر علی صغیر راولپنڈی کے اعلیٰ تعلیم یافتہ سینئر ترین پروموٹر ہیں، بااخلاق، باوقار اور سلجھی ہوئی شخصیت کے مالک ہیں انتہائی مخلص، بااصول دیانت دار انسان ہیں امریکن کمپنی کی کئی اہم پوسٹوں پر کام کیا لندن میں ڈائریکٹر آپریشن کی پوسٹ کی آفر کو چھوڑ کر بلآخر 1974ء میں دوستوں کے مشورے سے مین پاور ایکسپورٹ کا بزنس شروع کیا۔ ان کے نزدیک یہ کام ایک عبادت ہے لوگوں کو روزگار دلانے کیلئے جدوجہد کرنا، جائز منافع کیساتھ ساتھ سماجی اور قومی خدمت بھی ہے۔ اس سے خاندان کی مالی مدد کے علاوہ ملک کو بڑے پیمانے پر زرمبادلہ ملتا ہے۔

صغیر صاحب نے بتایا میرے اسی جذبہ کی بدولت اللہ کے فضل سے کبھی بھی منسٹری، بیورو، پروٹیکٹر اور دیگر حساس اداروں کو کوئی شکایت نہیں آئی اور نہ ہی انشاء اللہ آئے گی۔ ہم زیادہ تر پراسسنگ کا کام کرتے ہیں جو ڈیمانڈ لے کر آتا ہے صرف سرکاری فیس لے کر کام کرتے ہیں۔ اس سسٹم میں گو منافع کم ہے لیکن عزت زیادہ ہے اس کام کی بدولت پچھلے سال تین لاکھ چالیس ہزار گورنمنٹ کو ٹیکس ادا کیا۔ پروموٹرز کی فلاحی ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں کے بارے میں صغیر صاحب نے بتایا پروٹیکٹر ملک رحمان (راولپنڈی) نے انہیں (اصغر علی صغیر) راجہ سلیم، تاج عباسی کو بلا کر بتایا کہ حکومت کی پالیسی ہے کہ پروموٹرز کی ایسوسی ایشن قائم کی جائے لہٰذا ہم نے آل پاکستان سطح پر پروموٹرز کا کنونشن انٹر کانٹی نینٹل حالیہ پرل کانٹی نینٹل میں کیا اخبارات میں اشتہار دے کر سب پروموٹرز کو دعوت دی پروموٹرز کی بڑی تعداد شریک ہوئے الیکشن ہوئے تاج عباسی صدر، راجہ سلیم جنرل سیکرٹری، (اے اے خیر) جوائنٹ سیکرٹری منتخب ہوئے۔ ایسوسی ایشن نے باقاعدہ کام شروع کیا۔ بہت مختصر وقت میں ایسوسی ایشن فعال ہو گئی۔ ایسوسی ایشن نے ایک ریٹائرڈ بریگیڈیر پر (جو سابق ڈائریکٹر جنرل آف بیورو آف امیگریشن) کو اپنا کو اپنا ہیڈ سیکرٹری رکھا۔ اس وقت ایسوسی ایشن نے 2 ہزار روپے سروسز چارجز بیل کروائے مین پاور ایکٹ تبدیل کروایا۔ لفظ ریکروٹنگ ایجنٹ ہٹا کر پروموٹر کا لفظ شروع کیا۔ ایسوسی ایشن نے اپنی سالانہ میٹنگ میں پروموٹرز کے وقار کو بلند کرنے کے لئے تجاویز پر سختی سے عمل کیا۔ لیکن اب صورتحال یہ ہے کہ پروموٹرز کی ایسوسی ایشن بے جان مردہ گھوڑا بن چکی ہے۔ ایسوسی ایشن میں ایسے ان پڑھ جاہل لوگ عہدیدار بن رہے ہیں جو پروموٹرز کے نام پر ایک دھبہ ہیں یہی وجہ ہے اب ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کی کوئی شنوائی نہیں ہے۔ یہ لوگ عہدوں کو استعمال کر کے افسروں کو بلیک میل کرتے ہیں۔ ذاتی کام نکلواتے ہیں یہی وجہ ہے ان کو نہ وزارت میں کوئی گھاس ڈالتا ہے نہ سعودی قونصلیٹ میں۔ کیونکہ ان میں نااتفاقی ہے مفادات کی لڑائی ہے ان گروپ بندیوں کی وجہ سے پروموٹرز کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ ایسے حالات میں ضرورت اس بات کی ہے۔ پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے، مجھے ہوئے، قدر آور پروموٹرز کو آگے آ کر ایسوسی ایشن کے معاملات کو چلانا چاہیے اس سلسلہ میں سینئر پروموٹرز پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ صحیح، تجربہ کار، تعلیم یافتہ سلجھے ہوئے لوگوں کو آگے لائیں جو اندرون اور بیرون ملک پروموٹرز برادری کے اجتماعی مشترکہ مفادات کیا تحفظ کر سکیں۔ اصغر علی نے بتایا ایسوسی ایشن والوں کی زبانیں گنگ ہیں، ہونٹ بند ہیں، خوف کا لرزہ طاری ہے۔ جسکی وجہ سے

یہ او۔ای۔سی جیسے سفید ہاتھی کی اجارہ داری کو ختم کرنے میں ناکام ہے۔ ای سی کا ڈائریکٹر کروڑوں روپے کے گھپلے میں پکڑا گیا۔ او ای سی کے افسروں کی عیاشیوں رشوتوں کے قصے ہر آدمی کی زبان پر ہیں مین پاور کی ایک رپورٹ پر او ای سی کی اجارہ داری کا یہ عالم ہے او ای سی لیبا میں آدمی بھیجتی ہے تو وہ جائز ہے اگر پرائیویٹ سیکٹر کے پرموٹرز بھیجے تو وہ ناجائز ہیں کیا یہ سراسر تضاد اور ناانصافی نہیں میں پوچھتا ہوں ایسوسی ایشن والے اس ناانصافی کے خلاف آواز کیوں نہیں بلند کرتے۔ وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف کی پرائیویٹائزیشن کی تاریخ ساز قابل تعریف پالیسی کا اطلاق O.E.C جیسے ادارے پر کیوں نہیں کیا جاتا؟ او ای سی سفارشی لوگوں سے بھرا ہوا ہے ان کے افسران کی ٹھاٹھ بھاٹھ وفاقی سیکرٹریوں کے لیول سے بھی زیادہ ہے۔ جب تک قوم کے خزانے پر چلنے والے اس سفید ہاتھی کو ختم نہیں کیا جاتا اس وقت تک وزیر اعظم کی پرائیوٹائزیشن کی پالیسی کے کوئی مثبت اثرات سامنے نہیں آئیں گے۔ اصغر علی صفیر نے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پاکستانیوں کو نکالنے کے بارے میں متحدہ عرب امارات کی حکومت کے فیصلہ کی حمایت کرتے ہوئے کہا پاکستانیوں کے لئے لازمی تھا کہ وہ امارات کے قانون کا احترام کرتے وہاں کوئی ایسی حرکت نہ کرتے جو ان کے قانون کی خلاف ورزی کا سبب بنتی۔ دوست ممالک میں پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف حکومت پاکستان کو ایکشن لینا چاہیے۔ تاکہ ہر پاکستان جو روزگار کے حصول کیلئے بیرون ملک جاتا ہے وہ لازمی طور پر وہاں کے قوانین کا احترام کرے۔ اصغر اے صفیر نے کہا چند شرپسند عناصر کی وجہ سے نہ صرف پاکستان کی قومی ساکھ متاثر ہوئی ہے بلکہ پاکستانی مین پاور کی ڈیمانڈ بھی متاثر ہونے کا اندیشہ ہے ان حالات میں حکومت پاکستان کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس واقعہ کی تحقیقات کرے وہ کونسے عناصر ہیں جنہوں نے امارات کی ساتھ پاکستان کے تعلقات بگاڑنے کی سازش کی ہے۔ امارات کی حکومت کو چاہیے کہ وہ سراغ لگائے کیا غیر قانونی سرگرمیوں میں صرف پاکستانی ہی ملوث تھے یا کسی اور قومیت کے لوگ بھی تھے کہیں انڈین ایجنسیوں نے پاکستانیوں کو بدنام کرنے کیلئے یہ خطرناک پلاننگ تو نہیں کی......

ہم سمجھتے ہیں امارات کی حکومت پاکستانیوں کیساتھ صدیوں پرانے تعلقات کا احترام کرتے ہوئے ایسے اقدامات کرے گی جس سے پاکستان سے تعلقات متاثر ہوئے بغیر آئندہ ایسے واقعات رونما نہ ہوں۔

حکومت سہولتیں فراہم کرے تو ہم لاکھوں مین پاور دنیا میں ایکسپورٹ کرسکتے ہیں

محمد شعیب حامد

اپنے آفس میں گفتگو کرتے ہوئے

محمد شعیب حامد بیگ پروپرائٹر شعیب ایسوسی ایٹس کراچی

محمد شعیب حامد بیگ کا شمار پاکستان کے باصلاحیت نوجوان بزنس مین پروموٹرز میں ہوتا ہے۔ جو اپنی محنت دیانت اور بلند ولولے سے ترقی کرتے ہوئے معاشرے میں اپنی شخصیت کو منواتے ہیں محمد شعیب باصلاحیت سمارٹ نوجوان ہیں قالینوں کی فروخت کے کاروبار کے ساتھ مین پاور کی ایکسپورٹ مڈل ایسٹ میں کر رہے ہیں اپنی شابہ روز محنت سے ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہیں سیاسی وسماجی حلقوں میں اپنا وسیع اثر ورسوخ بھی رکھتے ہیں۔

ایک ملاقات میں محمد شعیب نے کہا ہم گذشتہ کئی سالوں سے قانونی طریقے سے پاکستانی مین پاور کی ایکسپورٹ کا بزنس کر رہے ہیں پاکستانی میں پاور کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ کہ وہ بیرون ممالک پاکستان کے قومی تشخص اور وقار کو ملحوظ خاطر رکھیں ایسی سرگرمیوں سے مکمل اجتناب کریں جس سے قومی مفادات کو نقصان پہنچتا ہو ایسی غیر قانونی سرگرمیوں میں ہرگز حصہ نہ لیں جو وہاں کے قوانین کی قوانین کی خلاف ورزی کا باعث بنتی ہوں

بڑے افسوس کی بات ہے پاکستانی بیرون ممالک میں جاکر وہاں کے قوانی کی پروا نہیں کرتے ایسی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں جو وہاں کے قانون کی کھلی بغاوت ہیں۔ ایسی ہی مثال پورے میں بعض پاکستانیوں کی غیر ذمہ دارانہ سرگرمیاں ہیں جن کی وجہ سے یو اے ای حکومت نے چند شرپسندوں کو غیر قانونی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے جرم کی پاداش میں ملک بدر کیا ہے ہر پاکستانی کو سوچنا چاہیے کہ وہ بیرون ملک اپنے بچوں کی روٹی کمانے کئے جاتا ہے نہ کہ وہ سیاست کرنے کیلئے یو اے ای پاکستان کا بہترین دوست ہے یو اے ای میں لاکھوں پاکستانی کام کر رہے ہیں ایسے ملک میں جس نے لاکھوں پاکستانیوں کو اپنے ہاں جگہ دی ہو وہاں اس ملک میں غیر قانونی سرگرمیاں جلسے جلوس توڑ پھوڑ پاگل پن نہیں تو اور کیا ہے یو اے ای کی حکومت نے ایسے لوگوں کو جیلوں میں ڈال کر سزا دینے کی بجائے پاکستان واپس بھیج کر بھی احسان کیا ہے

حکومت پاکستان کو چاہیے جن لوگوں کو یو اے ای سے نکالا گیا ہے ایسے لوگوں کے خلاف تحقیقات کی جائے وجہ پوچھی جائے انہوں نے یو اے ای کے قانون کو اپنے ہاتھ میں کیوں لیا جرم ثابت ہونے پر سزائیں دی جائیں تاکہ آئندہ کوئی پاکستانی بیرون ملک جا کر وہاں کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے کی جرات نہ کر سکے۔



سید فردوس شاہ منیجنگ ڈائریکٹر الفردوس انٹرپرائزز راولپنڈی

دولت کے حصول کیلئے بعض لوگ مارے مارے پھرتے ہیں۔ دنیا میں ایسے اشخاص بھی موجود ہیں جو دولت کی بجائے نیک نامی اور اچھی شہرت کیلئے دن رات کام کر رہے ہوتے ہیں۔ انہیں شخصیات میں ایک شخصیت سید فردوس شاہ کی ہے ایک اچھے بزنس مین اور تجربہ کار پر موثر کی حیثیت سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔ فردوس صاحب نیک سیرت' خوش مزاج طبیعت کے حامل انسان ہیں۔ گزشتہ کئی سالوں میں پاور ریکروٹنگ کے بزنس سے وابستہ ہیں۔ ایک ملاقات میں سید فردوس شاہ سے جب امارات میں سے نکالے گئے پاکستانیوں کے بارے میں ردعمل پوچھا گیا تو انھوں نے بڑے تشویش ناک انداز میں بتایا کہ ہمارے چند شرپسند پاکستانیوں نے امارات میں غیر قانونی سرگرمیوں سے نہ

وقار کو نقصان پہنچانے کی سعی کی ہے۔ یو اے ای پاکستان کا اتحاد دوست مسلم ملک ہے۔ مشکل وقت میں پاکستان کا دل کھول کر ساتھ دیتا ہے۔ ایسے ملک میں بعض پاکستانیوں کا جلسے جلوس نکالنا' وہاں کے قوانین کی سنگین خلاف ورزی کر کے امن و امان کا مسئلہ پیدا کرنا زیب نہیں دیتا تھا ہمارے لوگوں نے شرپسندی کے جھکوے میں آ کر غیر قانونی سرگرمیوں کے ذریعے حالات خراب کرنے کی جو کوشش کی وہ قابل مذمت اور قابل افسوس ہے۔ بحیثیت دوست ہمیں امارات کی حکومت اور عوام سے معذرت کرنی چاہیے ایسے عناصر کے خلاف حکومتی سطح پر سخت ایکشن لینا چاہیے جنہوں نے جان بوجھ کر وہاں کے قانون کو ہاتھ میں لے کر حالات خراب کرنے کی سازش کی ہے۔ جن کی اس حرکت سے پاک امارات تعلقات میں رکاوٹ

سید فردوس شاہ آفس میں اپنے والد آفس مینجر کیساتھ

آنے کا خطرہ پیدا ہوا' ہے اور ہمارے لاکھوں پاکستانیوں کے روزگار کو خطرہ پیدا ہوا ہے۔ ہم ایسے عناصر کے خلاف یو اے ای حکومت کے ایکشن کو قانونی اور جائز سمجھتے ہیں ہمارا موقف ہے کہ حکومت پاکستان فی الفور پاکستانی ایمبیسی کو ہدایت کرے کہ وہ ایسے عناصر جو دونوں برادر ملکوں کے تعلقات کو بگھاڑنے کی ناکام سعی کر رہے ہیں ان کے کوائف اکٹھے کر کے انکے خلاف قانونی کارروائی کرے' اور آئندہ کیلئے ایسے واقعات کا سدباب کیا جائے۔ سید فردوس شاہ نے یو اے ای حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ قانونی طور پر مقیم پاکستانیوں کو نکالنے کی بجائے انہیں مکمل تحفظ فراہم کرے کیونکہ پاکستانی یو اے ای کیساتھ گہرا جذباتی' مذہبی لگاؤ رکھتے ہیں اسے اپنا دوسرا وطن سمجھتے ہیں۔ ہمیں توقع ہے کہ دونوں برادر ملکوں کی حکومتیں اپنے سطح پر اس مسئلہ پر قابو پا کر پاک امارات دوستی میں اضافہ کا سبب پیدا کرے گی۔ فردوس شاہ نے پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ امارات کے قانون کا احترام کریں امارات میں کسی ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے اجتناب کریں جو قانون کی زد میں آتی ہو۔ امارات کی حکومت کو بھی اس حقیقت کو مدنظر رکھنا چاہیے کہ امارات کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی میں پاکستانیوں کا خون پسینہ شامل ہے۔ فردوس شاہ نے وزیراعظم پاکستان نواز شریف سے اپیل کی کہ وہ فی الفور امارات کا دورہ کریں وہاں کی حکومت کیساتھ اس اہم مسئلے پر افہام و تفہیم کے ذریعے حل تلاش کریں۔

یو اے ای حکومت نے انڈیا کو خوش کرنے کیلئے پاکستانیوں کو ہرگز نہیں نکالا



متحدہ عرب امارات سات مختلف ریاستوں کا وفاق ہے جب دسمبر ۱۹۷۱ء میں برطانیہ مشرقی سویز سے دستبردار ہوا تو یہ وفاق وجود میں آیا ور یہ جزیرہ نما عرب کا ایک بڑا ملک بن گیا ان میں سے سب سے بڑی اور گنجان آباد ریاست ابوظہبی ہے اور یہی اس وفاق کا مرکز ہے جبکہ اس کے دوسرے اراکین میں دبئی' شارجہ' فجیرا' راس الخیمہ' ام الکوائین' اور عجمان ہیں ان ریاستوں کا رقبہ اور آبادی بھی اسی ترتیب سے ہے گو کہ ان ریاستوں کے حکمران اپنی خود مختاری بادشاہت رکھتے تھے لیکن ۱۸۲۰ء میں ان ریاستوں نے اس معاہدے کے تحت برطانیہ کے ساتھ الحاق کیا تھا جس کے تحت برطانوی حکومت ان ریاستوں کے دفاعی اور خارجی امور پر کنٹرول کر سکتا تھا

۱۹۷۱ء تک یہ ملک بین الاقوامی تنظیموں کے سرگرم رکن رہے ہیں جیسے کہ یونائیٹڈ نیشن اور اس کے خاص ایجنسیاں لیگ آف عرب' سٹیٹس نان الائنڈ موومنٹ اور آرگنائزیشن آف دی اسلامک کانفرنس' عرب گلف کواپریشن کے چھ اراکین متحدہ عرب امارات' کویت' سعودی عرب ' بحرین' قطر اور اومان نے مئی ۱۹۸۱ء میں اس اتحاد کی پہلی کانفرنس ابوظہبی میں بلائی

علاقہ اور آبادی

متحدہ عرب امارات خلیج عرب کے شمالی ساحل کی طرف واقع ہے اس کے ساتھ چھوٹی سی سلطنت اومان (مسقط) ہے جس کا رقبہ ۳۰۰۰۰ میل ہے ان امارات میں سب سے بڑی ریاست ابو ظہبی ہے جس کا رقبہ ۲۶۰۰۰ میل ہے عجمان



صرف ۱۰۰ میل رقبہ پر مشتمل ہے دبئی کا علاقہ ۱۵۰۰ میل شارجہ ۱۰۰۰ میل اور باقی تینوں راس الخیمہ فجیرہ اور ام القوین ۱۰۰۰ میل کے رقبہ پر واقع ہیں

پچھلی مردم شماری کے مطابق ۱۹۸۵ء میں ان ریاستوں کی کل آبادی ۱۶۲۲۴۶۴ تھی جن میں سے ۶۷۰۰۰۰ افراد ابوظہبی میں رہائش پذیر تھے خاص طور پر وفاقی مرکز ابوظہبی اور العین کے شہروں میں ۴۰۰۰۰ افراد دوبئی کے دو شہروں دبئی اور ڈیرہ دبئی میں اور یہ متحدہ امارات کا کمرشل سنٹر ہے آج کل اس کی آبادی ۱،۸ ملین ہے

زبان

امارات کی سرکاری زبان عربی ہے عام گفتگو میں بھی یہی زبان مروج ہے غیر ملکیوں اور تجارتی امور کے لئے انگلش زبان بھی بولی جاتی ہے اردو بولنے اور سمجھنے والوں کی بہت بڑی تعداد ہے۔

حکومت کا سرکاری مذہب اسلام اور تمام قانونی امور بھی اسلامی نظام کے تحت نمٹائے جاتے ہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جس طرح اقلیتوں کو تمام حقوق اور آزادی حاصل تھی ویسے ہی اب بھی ہے عیسائیوں اور دوسرے مذاہب کے لوگوں کو اپنے مذہبی فرائض و رسومات کو ادا کرنے کی اجازت ہے

آب و ہوا

متحدہ عرب امارات کا موسم مئی سے دسمبر تک گرم مرطوب رہتا ہے جس میں درجہ حرارت ۴۵.C تک بھی رہتا ہے سردیوں یا بہت زیادہ بارش کے موسم میں کبھی درجہ حرارت کم بھی ہو جاتا ہے

یہ ممالک زیادہ تر صحرا میں ہی واقع ہیں اس لئے زمین ریتلی ہے اور خلیج عرب کے ساتھ ساتھ ساحلی علاقے ہونے کی وجہ سے شور زدہ بھی ہے اگرچہ ریاست اومان کا ساحلی علاقہ کم ہے لیکن پھر بھی جنوب مشرق اور شمال مغرب کی طرف سے یہ خلیج کے ساتھ ساتھ واقع ہے اس کے علاوہ بے شمار غیر آباد جزیرے بھی ہیں

حکومت

متحدہ عرب امارات کے صدر ابوظہبی کے حکمران شیخ زاید بن سلطان النہیان ہیں انہیں ۱۹۷۱ء میں اس عہدے کے لئے منتخب کیا گیا تھا پانچ سالہ مدت معیار کے سپریم کورٹ کونسل آف رولرز کے سات ممبروں نے انہیں دوبارہ صدر چن لیا تھا اس کے نائب صدر اور وزیراعظم دوسری بڑی ریاست دبئی کے حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم ہیں اکتوبر ۱۹۹۰ء میں انہوں نے اپنے والد شیخ راشد کی جگہ لی تھی

سپریم کونسل آف رولرز ملک کی اعلیٰ پالیسیاں بناتی ہے ان پالیسی میکرز میں متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران شیخ زائد بن سلطان النہیان' نائب صدر وزیراعظم اور دبئی کے حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم' شارجہ کے حکمران ڈاکٹر شیخ سلطان بن محمد القسیمی' راس الخیمہ کے حکمران شیخ صقر بن محمد القسیمی' ام القوین کے حکمران شیخ راشد بن احمد المعائی' عجمان کے حکمران شیخ حمید بن راشد النعامی اور فجیرہ کے حکمران شیخ حماد بن محمد الشرقی کے نام شامل ہیں

ولی عہد اور ڈپٹی رولر شیخ خلیفہ بن زائد النہیان ولی عہد اور ڈپٹی رولر آف ابوظہبی اور مسلح افواج کا سپریم کمانڈر' ڈپٹی سپریم کمانڈر شیخ خالد بن صقر القسیمی' راس الخیمہ کے ولی عہد اور ڈپٹی رولر شیخ سعود بن راشد المعائی' ام الوین کے ولی عہد اور ڈپٹی رولر شیخ احمد بن سلطان القسیمی' شارجہ کے ڈپٹی رولر شیخ حماد بن سیف الشرقی' فجیرہ کے ڈپٹی رولر شیخ ناصر بن راشد اشرفی عجمان اور راس الخیمہ کے ڈپٹی رولر شیخ سلطان بن صقر القسیمی' ہیں ریاست کے روزمرہ کے امور کابینہ کے سپرد ہیں جن کی سربراہی وزیراعظم کرتا ہے اس کے ڈپٹی وزیراعظم شیخ سلطان بن زائد النہیان ہیں

FNC انٹرنیشنل پارلیمنٹ یونین کی ہر نشست میں شرکت کر چکی ہے اور اس کے علاوہ بھی جو مجلس ہوئی اس میں بھی شریک ہوئی

اس کونسل نے افریشین پارلیمنٹ یونین کانفرنس جو ۱۹۹۰ء میں قاہرہ میں منعقد ہوئی تھی اس میں بھی حصہ لیا اور اس نے بین الاقوامی قانون دانوں سے رابطہ قائم کیا جن میں امریکہ' یورپین کیمونٹی اور ایران کے قانون دان بھی شامل تھے بہت سے پارلیمانی وفود نے متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا۔

کابینہ

موجودہ کابینہ ۱۹۹۰ء میں بنی اس کا حلف صدر ہینڈ ہائی نیس شیخ زائد بن سلطان النہیان نے لیا صدر شیخ زائد بن سلطان نے کابینہ کے اراکین کو تائید کی کہ وہ ایمانداری اور دیانتداری سے ملک اور عوام کے لئے کام کریں آپ نے اہم ملکی امور کی نشاندہی کی اور کہا کہ کابینہ پوری ذمہ داری اپنے کاندھوں پر اٹھائے گی نئی کابینہ ملک کے لئے ایک مضبوط ستون ثابت ہو گی اور ملک و قوم کی بہتری کے لئے بہترین نظام قائم کر دے گی شیخ زائد نے نئے وزیروں سے کہا کہ وہ اپنے آپ کو مثالی شخصیت بنائیں شیخ زائد نے کابینہ کے اراکین سے مزید کہا کہ تمام شہریوں کی نظریں ان پر جمی ہیں اس امید پر کہ وہ ان کی تمام ذمہ داریاں اپنے کاندھوں پر اٹھائیں گے آج آپ اس ملک عوام زمین اور سمندر کے ذمہ دار ہیں اور آپ کی تمام تر وفاداریاں ان کے لئے ہونی چاہئیں آپ میرے یا شیخ مکتوم کی طرف سے ان پر منتخب نہیں کئے گئے بلکہ خدا کی طرف سے بھی آپ پر ان کی ذمہ داری عائد کی گئی ہے شیخ زائد نے اپنے عہد کو دہراتے ہوئے کہا کہ میں اور وزیراعظم بھی اپنے فرائض پوری دیانتداری سے نبھائیں گے

موجودہ نئی کابینہ میں ایک بڑی تبدیلی جو ہوئی تھی وہ یہ تھی کہ ڈاکٹر منی سعید القتیبہ کی جگہ ۳۲ سالہ یوسف بن عمیر بن یوسف کو وزیر پٹرولیم اور قدرتی ذرائع بنا دیا گیا تھا انہوں نے امریکہ سے گریجوایشن کی ڈگری حاصل کی تھی جبکہ ڈاکٹر منی سعید القتیبہ ۱۹۷۱ء سے اس عہدے پر کام کر رہے تھے ڈاکٹر قتیبہ کو اب صدر کا خصوصی مشیر بنا دیا گیا ہے۔

پہلی دفعہ نئی وزارت میں اعلیٰ تعلیم کے لئے گنجائش رکھی گئی ہے متحدہ عرب امارات یونیورسٹی کے چانسلر شیخ نہیان بن مبارک النہیان ہیں۔ اسلامی امور کی وزارت' وزارت انصاف سے الگ رکھی گئی اس کے علاوہ وزیر خارجہ اور وزیر تعلیم بھی نئے منتخب کئے گئے راشد عبداللہ النعامی کو وزیر خارجہ بنایا گیا بہت مدت بعد اس عہدہ پر کسی شخص نے کام کیا تھا کیونکہ پہلے اس پر صرف وزیر مملکت شیخ حماد بن زائد النہیان کام کرتے تھے حماد المدفعی کو وزیر صحت اور وزیر تعلیم کے طور پر منتخب کیا گیا

کابینہ کے انتخاب کے بعد اس کی پہلی میٹنگ میں پانچ کمیٹیاں بنائی گئیں جو کہ دفاع' اندرونی معاملات' پبلک سروس' انفارمیشن' ایجوکیشن اور اعلیٰ تعلیم کے لئے پالیسیاں مرتب کرتیں ہیں

ملک کی مسلح افواج کا سپریم کمانڈر صدر ہے جبکہ ڈپٹی سپریم کمانڈر ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خلیفہ بن زائد النہیان ہیں وزیر دفاع شیخ محمد بن

راشد المکتوم ہیں

اس ملک کی پارلیمنٹ فیڈرل نیشنل کونسل کے نام سے پہچانی جاتی ہے متحدہ امارات کی اپنی انفرادی حکومت بھی موجود ہے

نیشنل کونسل

۱۳ فروری ۱۹۷۲ء کو فیڈرل نیشنل کونسل قائم کی گئی جو کہ قانون سازی کے لئے اور لوگوں کی سیاسی اور معاشی استحکام کے لئے بہترین اقدام تھا

ایف این سی انسٹی ٹیوشن ۴۰ ممبروں پر مشتمل ہے جو ہر امارات کے ممبروں میں چنی گئی تھی ابو ظہبی اور دبئی کے آٹھ' آٹھ ممبر ہیں شارجہ اور راس الخیمہ کے چھ' چھ ممبر اور باقی تین ریاستوں ام القوین عجمان اور فجیرہ کے ۴'۴ ممبر ہیں FNC میں ایک سپیکر دو ڈپٹی سپیکر اور دو منتخب نمائندوں پر مشتمل ہے پارلیمنٹ کی ایگزیکٹو کمیٹی کا سربراہ سپیکر ہے اور کونسل انڈر سیکرٹری سیکرٹری جنرل اور چار منتخب ممبروں پر مشتمل ہے آٹھ خاص ممبر ہیں جو کونسل کی طرف سے بھیجے گئے لاء اینڈ ڈرافٹ کو پڑھتے ہیں اس کے قانون سازی تعلیم اور معدنیات' زراعت مچھلی کی افزائش اور عوامی سہولیات کے لئے کام کرتے ہیں۔

کونسل کے سیکرٹریٹ کی سربراہی سیکرٹری جنرل کرتا ہے FNC کے جو ممبر منتخب کئے جاتے ہیں ان کے پاس وزیروں کی طلبی ان کے امور کے متعلق تفصیلات جاننا قانون سازی اور امیں ترامیم کرنے کے اختیارات ہیں

فیڈرل نیشنل کونسل ایک اہم تنظیم ہے جو اپنے قیام سے اب تک ۱۹۶ وفاقی قانون مسودات اور ۱۵۵ پبلک بلوں پر بحث کر ہے اور اس کے علاوہ سیاسی معاملات کو انصاف اور امن کی بنیادوں پر چلانے اور ہر قسم کے تشدد کو رفع کرنے کے لئے مدد کر چکی ہے

۱۹۷۵ء میں FNC نے عرب پارلیمنٹ یونین میں شرکت کی اور اب تک اپنے دو صدر عرب پارلیمنٹ یونین کو دے چکی ہے FNC عرب پارلیمنٹ یونین کے اندر رہتے ہوئے سیاسی معاملات حل کر چکی ہے اور عربوں کے مقامی بین الاقوامی اتحاد کے لئے FNC نے مرکزی کردار ادا کیا ہے

بقیہ: چوہدری محمد بشیر

پاکستانی مین پاور کی بہت بڑی منڈی ہے۔ بعض تخریب پسند لوگ امارات میں گڑبڑ پھیلا کر پاکستان کو بدنام کرنا چاہتے ہیں ان کو غیر قانونی غیر اخلاقی حرکات سے قومی مفادات کو نقصانات پہنچنے کا خطرہ ہے امارات کی حکومت نے جس طرح سختی کر کے غیر قانونی جلسے جلوس نکالنے اور وہاں غیر قانونی قیام کرنے والوں کو ملک بدر کیا ہے۔ امارات کی حکومت کا قابل تعریف فیصلہ ہے۔ حکومت کے سخت رویے سے ایسے لوگوں کی یقیناً حوصلہ شکنی ہوگی جو امن و امان کا مسئلہ پیدا کر کے امارات جیسے پرامن خطے کے حالات کو بگاڑنا چاہتے ہیں۔ ہم حکومت امارات کے اس درست فیصلے کی حمایت کرتے ہوئے حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ امارات میں غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث لوگوں کے خلاف سخت ایکشن لے تاکہ مڈل ایسٹ میں پاکستانی مین پاور کے خلاف جو غلط بے بنیاد پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے اس کا ازالہ ہو آئندہ کسی بھی پاکستانی کو جرات نہ ہو کہ وہ کسی بیرون ملک میں جا کر وہاں کے قوانین کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش نہ کرے۔ چوہدری بشیر نے کہا یو اے ای کیساتھ پاکستان کے انتہائی دوستانہ برادرانہ تعلقات ہیں جو وقت کیساتھ بڑھتے چلے جا رہے ہیں پاکستانیوں کو چاہیے کہ امارات کے قوانین کا لازمی احترام کریں۔

From. Page no. 16

M. ZAHID MASOOD

insultive but in a very cute manner.

The poster on Crime Control was barred on my idea to eliminate crime not only from Pakistan but from the whole world.

And the poster which is one of mine is the one on rotering products. The Idea was like that the eyes the ears, hends and shoulders are important to make famous the products of rotering, a necessary for the designers.

My work mostly expresses my inner thoughts and ideas and I have not reached the hight I want to

achieve all my aims and make my dreams come true "Ameen".

achieve but "Inshallah" with the guidence of my teachers and my hard work I hope to

متحدہ عرب ریاستیں ایک نظر میں

متحدہ عرب امارات کا وفاق خلیج کی سات امارتوں پر مشتمل ہے جن کے نام ابو ظہبی دوبئی راس الخیمہ' شارجہ' ام القوین' عجمان اور فجیرہ ہیں ذیل میں قارئین کی معلومات کے لئے ان امارات کا مختصر تعارف پیش کیا جا رہا ہے

ابوظہبی

ابو ظہبی کی امارات متحدہ امارات میں شامل سات امارتوں میں سب سے بڑی ہے ملک کے کل تیس ہزار مربع میل رقبے میں صرف اس کا رقبہ ۲۶ ہزار میل ہے آبادی دسمبر ۸۵ کی مردم شماری کے مطابق ۶۷۰۱۲۵ تھی لیکن اب ۸ لاکھ سے زائد ہے ۶۶ء سے اس کے حکمران عالی مرتب شیخ زاید بن سلطان النہیان ہیں جو ۷۱ء سے متحدہ عرب امارات کے بھی صدر ہیں

یہ پہلی امارت ہے جس نے ۶۲ء میں تیل برآمد کرنا شروع کیا تھا اور اب بھی تیل کی دولت سے مالا مال چار امارات میں تیل کی پیداوار کا سب سے بڑا مرکز ہے ابو ظہبی کو ایک واضح سیاسی وحدت کی حیثیت سترہویں صدی کے وسط میں حاصل ہوئی جب خود ابو ظہبی شہر کی بنیاد رکھی گئی تھی اس کا طویل سمندری ساحل مغرب میں جزیرہ نمائے قطر کے زیریں حصے سے شروع ہو کر شمال مشرق میں دوبئی کی امارات کی سرحد تک پھیلا ہوا ہے جس کی بدولت اسے جنوبی خلیج کے نایاب پانیوں تک رسائی اور کنٹرول حاصل ہے یہ پانی اس علاقے میں موتیوں کی نہایت اہم ذخیرہ گاہ تھا جس کے ذریعہ امارات کے حکمرانوں کو اپنی آمدنی کا زیادہ حصہ حاصل ہوتا تھا آج یہ پانی جنوبی خلیج میں تیل کے ساحلی کنوؤں پر محیط ہے

چند عشرے پہلے ابو ظہبی کا شہر ایک چھوٹے گاؤں کی طرح تھا اور اس کے مکین اس کی سخت آب و ہوا کی سختیوں کے علاوہ غربت کی چکی میں بھی پس رہے تھے ۱۹۵۰ء کے عشرے کے آخری برسوں میں اس امارات کا پہلا جدید سکول قائم ہوا ۷۱ء کے اواخر میں خلیج کے والی کے برطانوی اعلان کے بعد شیخ زاید نے دوبئی کے حکمران عالی مرتب شیخ راشد بن سعید المکتوم کے ساتھ مل کر اپنی امارتوں کا وفاق قائم کیا اور اس علاقے کی دوسری ریاستوں کو اشتراک و اتحاد کی دعوت دی اس طرح ۷۱ء میں متحدہ عرب امارات کا قیام عمل میں آیا

امارات میں آبادی کا سب سے بڑا مرکز خود شہر ابو ظہبی ہے جو متحدہ عرب امارات کا وفاقی دارالحکومت بھی ہے اس کی آبادی قریباً" چار لاکھ ہے امارت کی کاروباری اور سرکاری سرگرمیوں کا مرکز ابو ظہبی ہے یہیں امارت کی آٹھ آپریٹنگ کمپنیوں کے ہیڈکوارٹرز ہیں یہاں اعلیٰ درجے کے ہوٹل بھی ہیں جن کی نگران ابو ظہبی نیشنل ہوٹلز کمپنی بننے کی اہم تبدیلی کا سہرا اس کے ہر دلعزیز حکمران شیخ زاید کے سر ہے

LOS ANGELES
"PHOTOFINISH AT COLISEUM STADIUM."

OMEGA. The watch that records the world's significant moments. At the Olympic Games. In outer space. And exclusively for you. Here is the Omega Seamaster in stainless steel and 18 K gold.

OMEGA

RK

Mohammed Rasool Khoory & Sons
ABU DHABI - UNITED ARAB EMIRATES TEL : 342690, 213883
TLX : 23279 RASOOL EM FAX : 337636
HAMDAN ST. BRANCH 787711 AL AIN BRANCH : 645656

یو اے ای کی اکیسویں سالگرہ پر خصوصی اشاعت



عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان رولر آف ابوظہبی صدر متحدہ عرب امارات

پاک امارات دوستی کا لازوال سفر

عالی مرتبت شیخ خلیفہ بن زید ولی عہد ابوظہبی و نائب سپریم کمانڈر یو اے ای آرمڈ فورسز دورۂ پاکستان کے موقع پر صدر پاکستان غلام اسحاق خان سے ملاقات کرتے ہوئے

عالی مرتبت شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی حاکم شارجہ

عالی مرتبت شیخ حمد بن محمد الشرقی حاکم فجیرہ

عالی مرتبت شیخ حمید بن راشد النعیمی حاکم عجمان

عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم
وزیر اعظم یو اے ای و حاکم دوبئی

عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان صدر متحدہ عرب امارات کے دورہ پاکستان پر وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف استقبال کرتے ہوئے

[illegible] وزیر اطلاعات و ثقافت یو اے ای جناب ابراہیم العابد مشیر اطلاعات کو
[illegible] اور سرفراز احمد ملک (ملک نیوز ایجنسی)

عالی جناب شیخ مکتوم [illegible] وزیر اعظم امارات، رولر آف دوبئی

WARM FELICITATIONS

To His Highness

SHEIKH ZAYED BIN SULTAN AL NAHYAN

THE PRESIDENT, & RULER OF ABU DHABI

His Highness

SHEIKH MAKTOUM BIN RASHID AL MAKHTOUM

THE VICE PRESIDENT AND PRIME MINISTER, &

THE PEOPLE OF THE UNITED ARAB EMIRATES

ON THE OCCASION OF

THE 21 ST NATIONAL DAY

FIRDOUS SHAH

Managing Director

From :

AL - FIRDOUS ENTERPRISES

Overseas Employment Promoters Licence No. MPD/1031/RWP

Travel Agents & Tour Operators Licence No. 1891 Importers, Exporters (Regd)

Office : 8, 9 Pine Hotel 251, Iftikhar Janjua Road, Rawalpindi - PAKISTAN. P. O. Box 1001 GPO Rawalpindi PAKISTAN

Tel : 51-586742, Telex : 5948 PCO Attn 918 & 5949 PCO Attn 918, Fax : 51-586297

دوبئی

دوبئی کی امارت جس کا بڑا حصہ ابو ظہبی اور شارجہ کی امارتوں کے درمیان خلیج عرب کے ساحل پر واقع ہے متحدہ عرب امارات میں شامل خلیج عرب کے ساحل پر واقع ہے متحدہ عرب امارات میں شامل سات امارتوں میں سے سب سے بڑی امارت ہے۔ اس کا کل رقبہ ۱۵۰۰ مربع میل ہے اور ایک واحد بلاک کی صورت میں ہے۔ اس کے حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم ہیں جو ۱۹۹۰ء میں اپنے والد شیخ راشد کے جانشین بنے تھے۔ آپ متحدہ عرب امارات کے وفاق کے نائب صدر اور وزیراعظم بھی ہیں۔ دوبئی کی بندرگاہوں کے ذریعہ ملک کی ۶۰ فیصد درآمدات آتی ہیں۔ دوبئی کا بین الاقوامی ہوائی اڈہ جنوبی خلیج کا مصروف ترین اڈہ ہے۔ تجارت اور بینکنگ کے گوناگوں اداروں نے دوبئی کو اپنا مرکز بنا رکھا ہے۔ جس کے نتیجے میں دوبئی متحدہ عرب امارات کا ایک اہم شہر ہمالن پورے مشرق وسطیٰ میں کلیدی تجارتی مرکز بھی بن چکا ہے۔ اس امارت کی حقیقی ترقی اس صدی کے ابتدائی برسوں میں شروع ہوئی۔ جب شیخ راشد کے جد امجد نے برطانیہ اور انڈیا کے درمیان جہاز رانی کی منتظم شپنگ لائنز کو اس امر پر آمادہ کیا کہ وہ دوبئی کو اپنے بحری سفر کی ایک اہم بندرگاہ کا درجہ دیں۔ ۱۹۵۰ء کے عشرے کے دوران میں شیخ راشد نے امارات کے ترقیاتی منصوبوں کا چارج سرگرمی سے سنبھالا اور ایک پولیس فورس اور ایک کسٹمز فورس قائم کی اور برصغیر کے ممالک کے ساتھ تجارت کے فروغ کے لئے اقدامات کئے۔ جب ۱۹۶۰ کے عشرے کے اوائل میں یہاں تیل نکلا تو ان کی دور اندیشی بار آور ہوئی کیونکہ دوبئی کے بنیادی انفراسٹرکچر پر کام پہلے ہی جاری تھا۔ اپنی قدرتی خوبصورتی کے سبب پہلے دوبئی کو "گلف کی وینس" کہا جاتا تھا۔ لیکن اب ترقی کے ایک ماسٹر پلان پر عملدرآمد کی بدولت توقع ہے۔ کہ ۲۰۰۰ء تک یہ شہر باغات کا شہر بن جائے گا۔

شارجہ

شارجہ کی امارت متحدہ عرب امارات کے نہایت تیزی سے ترقی کرنے والے حصوں میں سے

عالی مرتبت ڈاکٹر سلطان محمد بن القاسمی
رولر آف شارجہ

ایک ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ شارجہ کے ساحلی علاقے میں گیس اور کنڈینٹ فیلڈ سے کامیابی سے استفادہ کیا گیا۔ اس امارت کے نیک دل حکمران شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی زراعت اور علاقے کے ثقافتی ورثہ میں گہری دلچسپی لیتے ہیں۔ اہم زرعی مرکز ضائد کے نخلستان کے گرد و نواح میں ہے۔ یہاں گیس کو سیال بنانے کا کارخانہ بھی ہے۔ شارجہ سیاحت کو ترقی دینے کے لئے بھی بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ جن کی بدولت متحدہ عرب امارات کے علاوہ دوسرے علاقوں سے بھی سیاح بھاری تعداد میں آتے ہیں۔ کرکٹ کی دنیا میں شارجہ کرکٹ کپ بین الاقوامی شہرت اختیار کر گیا ہے۔ ہر سال ہزاروں کرکٹ شوقین شارجہ ٹرافی کپ دیکھنے کے لئے شارجہ آتے ہیں

عمان

عمان کی امارت متحدہ عرب امارات کے وفاق کی سب سے چھوٹی امارت ہے۔ اپنے کم رقبے کے باوجود اس نے جنوب مشرقی جزیرہ نمائے عرب کی سیاست میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس کے نیک دل ہر دلعزیز حکمران عالی مرتبت شیخ حماد بن راشد النعیمی ہیں آثار قدیمہ کی تحقیق کے حالیہ انکشافات سے پتہ چلا ہے کہ یہ چار ہزار سال قبل کانسی کے دور کی ایک اہم بستی تھی عمان اگرچہ ا

عالی مرتبت شیخ حامد بن راشد النعیمی
رولر آف عجمان

رقبہ کم ہونے کے باعث لمبے چوڑے ترقیاتی منصوبے مرتب نہیں کر سکتی تا ہم متحدہ عرب امارات کے وفاق کے قیام کے بعد ترقی کے راستے پر تیزی سے گامزن ہے۔

راس الخیمہ

راس الخیمہ کی امارت متحدہ عرب امارات کے ساحل کے انتہائی شمال میں واقع ہے اس کے قریب ہی ہرمز کی اہم کھائی ہے اس علاقے کی تاریخ ہزاروں سال پرانی ہے ان دنوں اس کے

یو اے ای کی اکیسویں سالگرہ پر خصوصی اشاعت

عالی مرتبت شیخ صقر بن محمد القاسمی
رولر آف راس الخیمہ

حکمران عالی مرتبت شیخ صقر بن محمد القسیمی ہیں جو ۱۹۴۸ء سے اس امارت کی قیادت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اور انہوں نے اس امارت کی دور افتادہ اور نہایت مختصر آبادی والی بستیوں کو جدید تہذیب کی ثمرات سے بہرہ ور کیا ہے۔ امارت کے دارالحکومت سے تھوڑے فاصلے پر ہی ایک جدید زرعی فارم ہے جس کی بدولت یہ امارت متحدہ عرب امارات کا اہم زرعی مرکز بن چکی ہے۔ ۱۹۹۰ء کے عشرہ میں جب ابو ظہبی اور دوبئی کی بڑی اور متمول تر امارتوں کو تیل اور گیس سے ہونے والی آمدنی میں اچانک کمی کا سامنا کرنا پڑا خوش قسمتی سے صالح کے ساحلی علاقے میں تیل نکل آیا جس سے راس الخیمہ کو آمدنی کا ایک اچھا ذریعہ حاصل ہو گیا۔ اس کے حکمران کی خواہش ہے کہ وفاق کے قیام کے بعد اس علاقے کے لوگوں کو جو فوائد حاصل ہوئے ہیں راس الخیمہ کے عوام ان سے بدستور متمتع ہوئے ہیں۔

ام القوین

ام القوین کی امارت ابو ظہبی کے سوا دوسری امارتوں کے برعکس زمین کے واحد ٹکڑے پر مشتمل ہے اس کے دارالحکومت کا بھی یہی نام ہے اس کے حکمران عالی مرتبت شیخ راشد بن المولا ہیں اور یہ خلیج

عالی مرتبت شیخ راشد بن احمد المولا
رولر آف ام القوین

عرب کے ساحل پر واقع ہے۔ حالیہ مردم شماری کے مطابق ام القوین کی کل آبادی ۲۹۲۲۹ ہے۔ اگرچہ دارالحکومت ام القوین میں خلیج کے دوسرے ساحلی سروں جیسی گہما گہمی نہیں ہے تا ہم اس میں تمام جدید سرو سزا اور سہولتیں موجود ہیں۔

فجیرہ

فجیرہ کی امارت سے سات امارتوں میں منفرد

عالی مرتبت شیخ حامد بن محمد الشرقی
رولر آف فجیرہ

حیثیت کی حامل ہے۔ اس کا ساحلی علاقہ خلیج عرب سے نہیں بلکہ خلیج اومان سے ملتا ہے۔ اس امارت کے حکمران عالی مرتبت شیخ حامد بن محمد السرکی ہیں مئی ۱۹۸۱ء میں عرب گلف کو آپریشن کونسل کے قیام کے بعد فجیرہ کی ایک خصوصیت اس کا بین الاقوامی ہوائی اڈہ ہے جو اگست ۸۶ء میں مکمل ہوا تھا اور جہاں دنیا کے سب سے بڑے مسافر اور بار بردار طیارے بھی آ جا سکتے ہیں۔ اگرچہ اب بھی اس علاقے میں زراعت اور ماہی گیری کو بڑی اہمیت حاصل ہے اور حکومت سیاحت کی ترقی کے لئے بھی بڑی کوششیں کر رہی ہے۔ مستقبل میں امارت کو اس کی علاقائی حیثیت کی بدولت مزید اہمیت حاصل ہونے کی توقع ہے۔

standard of medical care for negligible fees to all citizens and residents. The ratio of services to head of population is high with one doctor for every 933 people. The govt's 28 hospitals have a total 4050 beds and equipped with latest technology.

Tourism:

During the past few years, the UAE has succeeded in attracting a growing number of tourists. During the 1989-90 winter season, over 30,000 visitors arrived on holiday packages. The numbers fell back in 1990-91 due to political situation in the Gulf.

Agriculture and afforestation:

Though the bulk of the countryside is arid desert or semi-desert, with only occasional rain fall, there has been investment in agriculture and tree planting programmes, making use, where possible, of desalinated water.

Thousands of small farms have been established, many of which have been given free of charge to citizens, agro-industrial units like dairy and poultry farms have also been opened out in the desert, mearly 200,000 hectares have been planted with trees and nearly 70 m trees and 14 m palm trees, helping to charge the face of the country.

Women:

The UAE's women are playing an increasingly important role in economy and govt., the result of a massive drive for female education and eradication of illiteracy. The UAE Women's federation whose chairwoman is Her Highness Shaikh Fatma Bint Mubarak wife of the UAE President, led the women's effort, as it has in the past, by setting handicraft and training centres, social counselling and other services.

Thousands of young women graduate each year from universities, colleges and technical institutes and more of them are beginning to participate actively in govt. and the private sector.



which is the biggest bird?

Ostrich is the biggest bird which is seven to eight feet high and weights from 200 to 300 pounds. The bird is found in Africa and West Asia.

متحدہ عرب امارات کے ارکان کابینہ

متحدہ عرب امارات کی نئی کونسل آف منسٹرز نے ۲۰ نومبر ۱۹۹۰ء کو حلف اٹھایا پہلی کابینہ دس سال کے لئے منتخب کی گئی تھی نئی کابینہ نے دبئی کے موجودہ حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کو ان کے باپ شیخ راشد بن سعید لمکتوم کی وفات اکتوبر ۱۹۹۰ء کے بعد متحدہ امارات کے نائب صدر اور وزیراعظم کے طور پر منتخب کیا تھا

نمبرشمار	عہدہ	نام
1-	وزیراعظم	ہزہائی نس شیخ مکتوم بن راشد المکتوم
2-	نائب وزیراعظم	شیخ سلطان بن زائد النہیان
3-	وزیر فنانس اینڈ انڈسٹری	شیخ حماد بن راشد المکتوم
4-	وزیر دفاع	شیخ محمد بن راشد المکتوم
5-	وزیر داخلہ امور	حامودا بن علی
6-	وزیر خارجہ	راشد عبد اللہ النعامی
7-	وزیر کمیونی کیشن	محمد سعید المعائی
8-	وزیر منصوبہ بندی	شیخ حمید بن احمد المعائی
9-	وزیر اسلامک افیرز	شیخ محمد احمد الحرزاجی
10-	وزیر بجلی وپانی	حمید بن ناصر الاویس
11-	وزیر اکانومی اینڈ کامرس	سعید گوباش
12-	وزیر زراعت و ماہی پروری	سعید الرگبانی
13-	وزیر سوشل، لیبر افیرز	سیف العبروان
14-	وزیر مملکت کینبٹ افیرز	سعید الفائق
15-	وزیر تعلیم	حماد عبد الرحمن المدافعی
16-	وزیر مملکت فنانشل اور انڈسٹریل افیرز	احمد بن حمید الطائر
17-	وزیر مملکت خارجہ امور	شیخ حمران بن زاید النہیان
18-	وزیر مملکت سپریم کونسل افیرز	شیخ محمد بن تقربن محمد القسیمی
19-	وزیر انصاف	عبد اللہ بن عمران طارم
20-	وزیر صحت	احمد بن سعید البدلیعی
21-	وزیر پٹرولیم اینڈ میزل ایسورسز	یوسف بن عمیر بن یوسف
22-	وزیر پبلک ورکس اینڈ ہاؤسنگ	رکھد بن سلیم بن رکھد
23-	وزیر یوتھ اینڈ سپورٹس	شیخ فیصل بن خالد بن محمد القسیمی

Islamic Conference.

At a regional level, the country, both on its own and through the Arab Gulf Cooperation Council, was an active participants in efforts to bring the Iran-Iraq war to an end.

